دَورۂ اَمریکہ و یورپ

WASHINGTON
MONTANA
MINNESOTA
NORTH DAKOTA
OREGON
IDAHO
WISCONSIN
SOUTH DAKOTA
NEVADA
WYOMING
IOWA
ILLINOIS
INDIANA
OHIO
MICHIGAN
LAKE SUPERIOR
UTAH
COLORADO
KANSAS
KENTUCKY
CALIFORNIA
NORTH CAROLINA
TENNESSEE
SOUTH CAROLINA
ARIZONA
NEW MEXICO
OKLAHOMA
ARKANSAS
ALABAMA
GEORGIA
TEXAS
LOUISIANA
FLORIDA
MEXICO
ATLANTIC
GULF OF MEXICO
ARCTIC OCEAN
ALASKA
CANADA
PACIFIC OCEAN
KAUAI
HONOLULU
MAUI
HAWAII
Above 1 500 metres
600–1 500 metres
300–600 metres
150–300 metres
0–150 metres
Below Sea Level
Kilometres

NORTH SEA
BALTIC SEA
SWEDEN
DENMARK
POLAND
U.S.S.R.
GERMANY
FRANCE
CZECHOSLOVAKIA
BAY OF BISCAY
MEDITERRANEAN SEA
TYRRHENIAN SEA

یا رحمۃ للعالمین
صلی اللہ علیہ وسلم

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم
اُدعُ الیٰ سبیلِ ربّک بالحکمۃ والموعظۃ الحسنۃ ؕ
(القرآن الکریم)

یا رب العالمین
جل جلالہ

آفتابِ شریعت، شہبازِ طریقت، عارفِ حقیقت، تاجدارِ تصوّف
عظیم عالمی مبلغِ اسلام، خلیفۂ خواجگان، قیوم زمان اعلیحضرت
الحاج خواجہ

محمد معصوم

صاحب
مدظلہ العالی، سجادہ نشین دربار عالیہ نقشبندیہ مجددیہ
موہری شریف تحصیل کھاریاں ضلع گجرات (پاکستان) کے

امریکہ، کینیڈا، ناروے، ڈنمارک، ھالینڈ، برطانیہ
کے حالیہ عالمی دورہ اور حرمین شریفین میں حاضری پر مشتمل مکمل روئیداد

المسمّٰی بہ

دورۂ امریکہ و یورپ

از قلم گوہر رقم
حضرت الحاج صاحبزادہ محمد حفیظ الرحمٰن صاحب معصومی
آستانہ منوّرہ موہری شریف

نام کتاب	دورۂ امریکہ و یورپ
مصنّف	الحاج صاحبزادہ محمد حفیظ الرحمٰن معصومی
ترتیب و تزئین	قدیر احمد حسن معصومی، شیخ محمد شہباز تبسم
ٹائیٹل	شبّیر نادر
تصاویر	آغا سیّد محمد اقبال
ناشر	شیخ محمد فیاض شہزاد
مطبع	سلطان باھوؒ پرنٹنگ پریس فوارہ چوک جھنگ صدر فون: ۲۶۸۰
اشاعت	اوّل
تعداد	ایک ہزار

کتابت / شبیر نادر، کمرہ نمبر 18 شالیمار ہوٹل جھنگ صدر


هو
الله

اعلیحضرت تقدس مآب سلطان الاولیاء زریں زر بخت
قبلہ عالم خواجہ محمد نواب الدین صاحب رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ
مؤسس دربار عالیہ نقشبندیہ مجددیہ موہری شریف



مزار مبارک اعلیٰحضرت تقدس مآب سلطان الاولیاء، [illegible]

قبلہ عالم خواجہ محمد نواب الدین صاحب رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ

موہڑہ شریف

عظیم عالمی مبلغ اسلام قیوم زماں تاجدار تصوف اعلیٰحضرت الحاج خواجہ محمد معصوم صاحب سجادہ نشین دامت برکاتہم القدسیہ دربار عالیہ موہری شریف

تقریظ

جگر گوشہ ہائے کعبۂ دارین، نورِ نظر حسنین کریمین حضرت خواجہ **نور محمد** صاحب نقشبندی مجددی چوراہی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ حضرت صاحبزادہ پیر سید عابد حسین شاہ صاحب، حضرت صاحبزادہ پیر سید اعجاز حسین شاہ صاحب دامت برکاتہما، مسند آرائے چورہ شریف ضلع اٹک۔

نَحْمَدُهٗ وَنُصَلِّيْ عَلٰى رَسُوْلِهِ الْكَرِيْمِ ۔

دنیائے تصوف میں عظیم عالمی مبلغ اسلام اعلیٰحضرت الحاج خواجہ **محمد معصوم** صاحب دامت فیوضہ سجادہ نشین دَربار دَربارِ موہری شریف ضلع گجرات کی ذات ستودہ صفات اس ماہِ درخشاں کی حیثیت رکھتی ہے جس کی ضیاء پاشیوں سے صرف برصغیر ہی نہیں بلکہ ربع مسکون کا چپہ چپہ روشن و مستنیر ہے۔ دینِ متین کی ترویج و اشاعت کا مؤثر و تیز ترین کام ہو رہا ہے۔ صوفیائے کرام کا وہ عظیم مشن حضرت خواجہ صاحب کے افعال و اطوار میں رچ بس گیا ہے۔ جس سے ایوانِ ضلالت و طغیان پر لرزہ طاری ہو جاتا ہے۔ یقیناً یہ طریقت و شریعت کی بے مثال خدمت ہے اور وابستگانِ سلوک پر گرانقدر احسان ہے۔ حضرت الحاج صاحبزادہ **محمد** حفیظ الرحمٰن صاحب معصومی بھی دریں باب ستائش و تحسین کے مستحق ہیں۔ ہمیں ان کے حالیہ دورۂ امریکہ و یورپ کی انتہائی کامیابی پر بے پناہ قلبی مسرت ہوتی ہے۔

خدائے جل و علا حضرت خواجہ صاحب موصوف کے درجات میں مزید بلندی مرحمت فرمائے اور مساعیِ جمیلہ میں برکت دے۔ آمین ثم آمین۔

دستخط

پیر سید عابد حسین شاہ

پیر سید اعجاز حسین شاہ

سجادہ نشینان دربارہ عالیہ نوریہ مجددیہ چورہ شریف

۱۴ رمضان المبارک ۱۴۰۶ھ بروز ہفتہ

تاثرات

عزت مآب الحاج میاں ناصر علی خان صاحب بلوچ وفاقی وزیرِ مملکت برائے تعلیم حکومتِ پاکستان، اسلام آباد

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اُولیائے کرام نے ہر زمانے میں تبلیغی و روحانی کارناموں سے تعلیماتِ اسلامی کی شان دوبالا فرمائی ہے۔ عطائے رسول صلی اللہ علیہ وسلم خواجۂ خواجگان حضرت سید معین الدین حسن صاحب چشتی سنجری اجمیری قدس العزیز کے بارے میں انگریز مورخین کی رائے ہے کہ "لوگ زمین پر حکومت و سلطنت کرتے ہیں۔ لیکن اجمیر شریف میں قبر کے اندر لیٹے ہوئے درویش کی پورے برصغیر پر شہنشاہی ہے۔" موجودہ دور میں تاجدار تصوف، قیوم زمان عظیم عالمی مبلغ اسلام اعلیٰحضرت الحاج خواجہ محمد معصوم صاحب سجادہ نشین دربار عالیہ موہری شریف آپ اُولیاء ربانی کے نقشِ قدم پر گامزن ہیں۔ چنانچہ دین اور طریقت کے حوالے سے پوری دُنیا کے طول و عرض میں اُن کے اثرات کا غلغلہ ہے۔ آپ نہایت خلیق، شفیق، کریم اور روحانیت کی اعلیٰ اقدار کے حامل ہیں، ہمہ وقت سلسلۂ رشد و ہدایت جاری رہتا ہے۔ فیضان اتنا عام ہے کہ باید و شاید ہی دیکھنے میں آیا ہو۔ وجود باجود فخر اسلام ہے۔ اللہ تعالیٰ جل شانہ، محبوب کائنات صلی اللہ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وسلم کے صدقہ میں ہمیں بھی اُن کے فیوض و برکات سے مزید استفادہ کی توفیق ارزاں فرمائے۔ آمین ثم آمین

فقط خادم

ناصر علی بلوچ

اسلام آباد

اقتباس خطاب ماہانہ محفل مقدسہ
منعقدہ ۲ مئی ۱۹۸۶ء بروز جمعۃ المبارک
دربار عالیہ موہری شریف

تاثرات

عزت مآب الحاج میاں ناصر علی خانصاحب بلوچ وفاقی وزیرِ مملکت برائے تعلیم
حکومتِ پاکستان، اسلام آباد

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اُولیائے کرام نے ہر زمانے میں تبلیغی و روحانی کارناموں سے تعلیماتِ اسلامی کی شان دوبالا فرمائی ہے۔ عطائے رسول صلی اللہ علیہ وسلم خواجۂ خواجگان حضرت سیّد معین الدین حسن صاحب چشتی سنجری اجمیری قدس العزیز کے بارے میں انگریز مورخین کی رائے ہے کہ "لوگ زمین پر حکومت و سلطنت کرتے ہیں۔ لیکن اجمیر شریف میں قبر کے اندر لیٹے ہوئے درویش کی پورے برصغیر پر شہنشاہی ہے۔" موجودہ دور میں تاجدار تصوف، قیوم زماں عظیم عالمی مبلغ اسلام اعلیٰحضرت الحاج خواجہ محمد معصوم صاحب سجادہ نشین دربار عالیہ موہری شریف آپھی اولیاء ربانی کے نقشِ قدم پر گامزن ہیں۔ چنانچہ دین اور طریقت کے حوالے سے پوری دنیا کے طول و عرض میں اُن کے اثرات کا غلغلہ ہے۔ آپ نہایت خلیق، شفیق، کریم اور روحانیت کی اعلیٰ اقدار کے حامل ہیں۔ ہمہ وقت سلسلۂ رشد و ہدایت جاری رہتا ہے۔ فیضان اتنا عام ہے کہ باید و شاید ہی دیکھنے میں آیا ہو۔ وجود باجود فخر اسلام ہے۔ اللہ تعالےٰ جل شانہ محبوب کائنات صلی اللہ علیہ و آلہٖ واصحابہٖ وسلم کے صدقہ میں ہمیں بھی اُن کے فیوض و برکات سے مزید استفادہ کی توفیق ارزاں فرمائے۔ آمین ثم آمین

فقط خادم

ناصر علی بلوچ

اسلام آباد

اقتباس خطاب ماہانہ محفل مقدسہ
منعقدہ ۲ مئی ۱۹۸۶ء بروز جمعۃ المبارک
دربار عالیہ موہری شریف

آغازِ سُخن

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ وَالْعَاقِبَۃُ لِلْمُتَّقِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی خَاتَمِ النَّبِیِّیْنَ وَعَلٰی آلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَاَتْبَاعِہٖ اَجْمَعِیْنَ ○

خالق و مالک کا بیحد شکر و امتنان جس نے اپنا محبوبِ خاص ؐ ہمیں عنایت کیا۔ اور اصحابِ کرام رضؓ، اہلِ بیت عظام ؓ نیز اولیاء کاملین کے وسیلۂ جلیلہ سے مُتمتّع فرمایا۔

موجودہ نازک و پُرفتن دور میں امیرِ شریعت، شہبازِ طریقت، عارفِ حقیقت، قیّومِ زمان، ہادیٔ دوراں، خواجۂ خواجگان، عظیم عالمی مبلّغِ اسلام اعلیحضرت الحاج خواجہ **محمد معصوم** صاحب مدظلہ العالی سجّادہ نشین دربارِ عالیہ نقشبندیہ مجدّدیہ موہری شریف ضلع گجرات کی تبلیغی، اصلاحی اور روحانی خدمات، دین کی اشاعت، مسلکِ حقۂ اہلسنّت وجماعت کے فروغ اور سلسلۂ متبرکہ کی ترویج کا زبردست چرچا ہے۔ لاریب آپ اسوۂ حسنہ کا عملی نمونہ اور اسلاف کی زندہ تصویر ہیں۔ آپ کا پیکرِ جمیل، انتہائی مسعود سب کے لئے نعمت غیر مترقبہ اور ذات گنجینۂ برکات ہے۔ اندرون و بیرونِ ملک سبھی آپ کی شب و روز انتھک دینی مصروفیات سے واقف ہیں۔ جس یادگار جدوجہد اور لگن سے آپ دُنیا کے کونے کونے میں شمع پیغامِ سرمدی کو فروزاں کر رہے ہیں۔ وہ آپ ہی کا حصّہ ہے۔ اکثر کئی کئی روز آپ بغیر آرام مصروفِ کار رہتے ہیں۔ یہی باعث ہے کہ اَن گنت گُم گشتہ راہ آپ کے چشمۂ معرفت سے فیضیاب ہو رہے ہیں۔ چپّہ چپّہ ذکرِ الٰہی و نعت مصطفٰے صلی اللہ علیہ وسلم سے گونج رہا ہے۔ آپ نے قعرِ ضلالت و گمراہی میں افتادہ لاکھوں انسانوں کو عشقِ نبی صلی اللہ علیہ وسلم و محبت اولیاء سے سرشار فرما کر اطاعتِ ایزدِ متعال کا متحرک مجسمہ بنا دیا۔ غیر مسلم بھی آپ کی نوازشات کا براہِ راست ہدف ہیں۔ حضور والا شان نے حال ہی میں امریکہ، کینیڈا، ناروے، ڈنمارک، ہالینڈ اور برطانیہ سمیت حرمین الشریفین کا دَورہ کیا ہے۔ جو نتائج و عواقب کے لحاظ سے اپنی مثال آپ ہے۔ اِس عالمی و بین الاقوامی سفر میں فقیر کو آپ کی معیّت کا شرف ملا۔ راقم الحروف کی آنکھیں کھل گئیں اَور فصلِ خزاں پر بہارِ تازہ کا پرتو پڑا تو کیفیات میں بھی یکسر تبدیلی آئی۔ دورانِ سفر اسلامک سنٹرز، کمیونٹی ہالز، کلب ہاؤس، مسجدوں اور دیگر پبلک مقامات پر اجلاس ہوتے۔ گرچہ تفصیلات کیلئے دفتر درکار ہیں۔ تاہم ضروری اجمال کو سامنے رکھا ہے۔

دُعا ہے کہ مولائے کریم میری سعی بیکار کو کار آمد بنائے اور جملہ سالکانِ طریقت و طالبانِ آبِ زُلالِ معرفت کی خاطر اس سے حضور خواجہ خواجگان دامت فیوضہم کی برکتوں کے منبع و مصدر کا کام لے ۔

آمین ثم آمین بجاہ طٰہٰ و یٰسین صلی اللہ علیہ وسلم

طالب الدعوات

فقیر الحاج صاحبزادہ محمد حفیظ الرحمٰن معصومی غفرلہٗ

دربار منوّرہ موہری شریف

۱۱ رمضان المبارک ۱۴۰۶ھ

بمطابق ۲۱ مئی ۱۹۸۶ء بروز بدھ

POST OFFICE

[illegible]

TOURIST COUNTER

لودھراں میں جشن نزول قرآن مجید کا ایک عظیم الشان نورانی جلوس



بسم اللہ الرحمن الرحیم   بسم اللہ الرحمن الرحیم

"فضا کو ٹال دیتی ہے دعا روشن ضمیروں کی"

۷۸۶

یک زمانہ صحبت با اولیا
بہتر از صد سالہ طاعت بے ریا

کیا شان احمدی کا چمن میں ظہور ہے
ہر گل میں ہر شجر میں محمد کا نور ہے

ذکرِ اللہ ھو محفلِ میلاد۔

بسلسلہ آمد۔

جناب پیر طریقت امیر شریعت قطب زماں خواجہ خواجگان۔

اعلیٰ حضرت خواجہ **محمد معصوم صاحب** مدظلہ العالی

بروز ہفتہ اپریل ۱۲ ۱۹۸۶ء آستانہ عالیہ موہڑہ شریف۔ راولپنڈی پاکستان

وقت۔ بعد از نماز مغرب ۷ بجے

TIME: 7:00 pm
PLACE: SATURDAY APRIL 12TH 1986
MASONIC TEMPLE AUDITORIUM
893 COLUSA AVE
AT SOLANO & COLUSA
BERKELY CALIF

مقام۔ "میسانک ٹیمپل ہال" ۸۹۳ کلوسا ایونیو برکلے کیلی فورنیا۔

اعلیٰ حضرت کے ہمراہ علماء کرام اور نعت خواں حضرات بھی تشریف لا رہے ہیں

تمام حضرات خواہ وہ کسی مذہب یا فرقہ سے تعلق رکھتے ہوں سے گزارش ہے کہ وہ ضرور آئیں

"دعوت عام ہے"

لنگر: لنگر بھی تقسیم کیا جائے گا

مزید معلومات کے لیے رجوع کریں۔ جناب آغا سعید صاحب Agha Saeed (415) 845-9250

برکلے کیلیفورنیا امریکہ میں ذکر اللہ ھُو و محفل میلاد



بزم میں ان مرد پر نور کی ذات کو دیکھو
[illegible] کی نشستوں میں

یہاں پا کمال اپنا [illegible]
[illegible]

دعوتِ حق

الحمدللہ یہ خبر مسلمانان ڈنمارک کیلئے باعث مسرت ہے کہ خواجہ خواجگان
پیر طریقت شمع زمان خواجہ محمد معصوم صاحب دربار عالیہ موہری شریف
کھاریاں ضلع گجرات

مورخہ **اٹھارہ ۱۸۔ اپریل بروز جمعۃ المبارک شام ۵ بجے**
بذریعہ SK557 کاسٹروپ ائیرپورٹ پر جلوہ افروز ہونگے۔

انشاءاللہ العزیز نماز عصر دار التعلیمات اسلامیہ ولبی برو گیدے "5 60"
دوسری منزل پر ادا فرمائیں گے اور دعائے خیر فرمائیں گے۔

19۔ اپریل بروز ہفتہ بعد از نماز عصر چھ بجے مرکزی جامع مسجد
ولبی برو گیدے نمبر "107" میں محفل پاک ہوگی جس میں خطیب ملت
حضرت الحاج صاحبزادہ **محمد حفیظ الرحمن معصومی** تقریر فرمائیں گے۔

تمام مسلمانوں سے اس بابرکت اور نورانی محفل میں شرکت کی
دعوت دی جاتی ہے۔

مزید تفصیلات کے لئے مندرجہ ذیل ٹیلی فون نمبرز پر رابطہ قائم کریں

02 - 52 23 41
02 - 54 76 56
02 - 75 01 03
01 - 22 87 32

خواجہ محمد معصوم صاحب کا قیام مندرجہ ذیل
پتہ پر ہوگا۔

FEMKANTEN A.7
2630 TÅSTRUP

حضرت صاحب مورخہ ۲۰ اپریل بروز اتوار صبح دس بجے ہالینڈ روانہ ہو جائیں گے

المشتہر:-
خادمانِ دربار عالیہ موہری شریف
کوپن ہیگن۔ ڈنمارک

اہالیانِ کوپن ہیگن ڈنمارک کے لئے "دعوتِ حق"

قیوم زماں حضرت الحاج خواجہ محمد معصوم صاحب کیلیفورنیا میں

کیلیفورنیا۔ امریکہ کی خاتون صحافی عائشہ بی بی حضور پیر صاحب سے بیعت ہوتے وقت

امریکہ میں ایک یادگار تصویر

سان فرانسسکو (کیلیفورنیا) ایئرپورٹ پر استقبال کا ایک منظر

دربار عالیہ موہری شریف پر سالانہ عرس پاک کی ایک یادگار تصویر

ٹمپل ہال برکلے یونیورسٹی میں عشاء کی نماز کا ایک منظر

امریکہ میں ایک یادگار تصویر

ٹمپل ہال برکلے میں یونیورسٹی کے پروفیسر سیّد حسن جہانگیر ہمدانی تصوّف کے موضوع پر خطاب کر رہے ہیں۔



سفر مبارک برائے امریکہ

ودیگر بیرونی ممالک ★ واپسی پر ادائیگی عمرہ مبارک

محبی فی اللہ ________ سلمہ الرحمان

سلام مسنون۔ بعد از خیر و عافیت۔ الحمد للہ سالانہ عرس پاک بڑی شان و شوکت کے ساتھ بخیر و خوبی اختتام پذیر ہوا۔ انشاءاللہ حضور خواجہ خواجگان عالمی مبلغ اسلام اعلیٰحضرت الحاج خواجہ محمد معصوم صاحب سجادہ نشین دربار عالیہ موہری شریف۔ تحصیل کھاریاں۔ ضلع گجرات (پاکستان) حلقہ احباب آف امریکہ (U.S.A) کے مطابق پروگرام حسب ذیل تشریف لے جا رہے ہیں۔

امریکہ سے روانگی برائے کینیڈا 11 اپریل بروز ہفتہ صبح 7-30 بجے فرانسسکو سے بذریعہ فلائٹ نمبر NW-150 ڈیٹرائٹ کے لیے روانگی ہوگی۔ سہ پہر 12-4 بجے ڈیٹرائٹ آمد ہوگی۔ ڈیٹرائٹ سے کینیڈا بذریعہ کار روانگی ہوگی۔

روانگی برائے ناروے 16 اپریل بروز بدھ 9 بجے ڈیٹرائٹ سے بذریعہ فلائٹ نمبر NW-230 نیویارک کے لیے روانگی ہوگی۔ 2-11 بجے دوپہر نیویارک آمد ہوگی۔ اسی دن شام 5-50 بجے نیویارک سے بذریعہ فلائٹ نمبر SK-902 ناروے کے لیے روانگی ہوگی۔ 17 اپریل بروز جمعرات صبح 7 بجے اوسلو ناروے آمد ہوگی۔

روانگی برائے ڈنمارک 18 اپریل بروز جمعۃ المبارک 12-50 بجے دوپہر اوسلو سے بذریعہ فلائٹ نمبر SK-477 ڈنمارک کے لیے روانگی ہوگی۔ بعد دوپہر 1-55 بجے کوپن ہیگن ڈنمارک آمد ہوگی۔

روانگی برائے ہالینڈ 20 اپریل بروز اتوار صبح 10-10 بجے کوپن ہیگن سے بذریعہ فلائٹ نمبر KL-[illegible] ہالینڈ کیلئے روانگی ہوگی دوپہر [illegible] بجے ایمسٹرڈم ہالینڈ آمد ہوگی۔

روانگی برائے لندن 22 اپریل بروز منگل 11 بجے دن ایمسٹرڈم سے بذریعہ فلائٹ نمبر PA-407 لندن روانگی ہوگی۔ 11 بجے دن لندن آمد ہوگی۔

لندن سے روانگی برائے عمرہ مبارک انشاءاللہ حضرت صاحب مدظلہ العالی 27 اپریل بروز اتوار دوپہر 2-30 لندن سے بذریعہ فلائٹ نمبر SV-042 جدہ سعودی عرب عمرہ مبارک ادا کرنے روانہ ہوں گے۔ رات 8 بجے جدہ ایئرپورٹ پر جلوہ افروز ہوں گے۔

جدہ سے روانگی برائے پاکستان (کراچی آمد) انشاءاللہ حضرت صاحب مدظلہ العالی عمرہ مبارک کی ادائیگی کے بعد 30 بروز بدھ رات 8 بجے جدہ ایئرپورٹ سے بذریعہ فلائٹ نمبر K-732 کراچی کے لیے روانہ ہوں گے۔ رات 2 بجے کراچی ایئرپورٹ پر آمد ہوگی۔

کراچی سے روانگی برائے لاہور انشاءاللہ حضرت صاحب مدظلہ العالی یکم مئی بروز جمعرات صبح 5 بجے بذریعہ فلائٹ نمبر کراچی سے لاہور کے لیے روانہ ہوں گے۔ اور صبح 10 بجے لاہور ایئرپورٹ پر جلوہ افروز ہوں گے۔ لاہور ایئرپورٹ پر اترنے کے بعد حضرت صاحب مدظلہ العالی پتہ ذیل پر جلوہ افروز ہوں گے اور اسی پتہ پر محفل پاک اور [illegible] کا پروگرام ہوگا۔

محترم حاجی محمد آصف صاحب۔ حاجی محمد شفیع صاحب کوٹھی نمبر 3-A-41 گلبرگ III

بالمقابل اومنی بس ورکشاپ۔ لاہور۔ فون رہائش:- 872572-883053

انشاءاللہ حضرت صاحب مدظلہ العالی شام تک دربار عالیہ موہری شریف جلوہ افروز ہوں گے۔

ماہانہ محفل پاک انشاءاللہ الکریم 2 مئی بروز جمعرات بجمعۃ المبارک ماہانہ محفل پاک دربار عالیہ موہری شریف ہو رہی ہے لہذا تمام دوست یکم مئی شام یا 2 مئی صبح 9 بجے تک دربار شریف پہنچ جائیں۔

روانگی برائے مری انشاءاللہ حضرت صاحب مدظلہ العالی 8 مئی بروز جمعرات دربار شریف سے مری کے لیے روانہ ہو جائیں گے مری میں قیام و خط و کتابت کا پتہ درج ذیل ہے۔

حضرت صاحب مدظلہ العالی کرم لاج کشمیر پوائنٹ نزد پانی والا تالاب مری ضلع راولپنڈی فون 375

جشن نزول قرآن پاک انشاءاللہ جشن نزول قرآن پاک 5 جون بروز جمعرات مری میں ہونا قرار پایا ہے۔

نوٹ:- بیرونی ممالک کے پروگرام کے دوران کسی دوست کو خط نہیں لکھا جائیگا اور نہ ہی پروگرام سے آگاہ کیا جائیگا [illegible] پروگرام نوٹ فرما لیں۔

جملہ احباب نماز۔ ذکر الٰہی۔ تلاوت قرآن پاک و ختم خواجگان کی پابندی کریں سستی ہرگز نہ برتی جائے۔ اور سفر مبارک کے پروگرام کی کامیابی کے لیے ہر جگہ پر دعائیں کی جائیں۔ مولا کریم یہ پروگرام بخیر و خوبی انجام فرمائے۔ تمام دوستوں کو پروگرام کی اطلاع کر دیں۔

والسلام جملہ دوستوں کو نام بنام السلام علیکم۔

"حسب الارشاد"

حضور خواجہ خواجگان اعلیٰ حضرت صاحب مدظلہ العالی

سجادہ نشین دربار عالیہ موہری شریف ضلع گجرات (پاکستان)

[illegible] — سلطان محمد معصوم

پروگرام سفر مبارک برائے امریکہ شائع شدہ نوائے وقت انٹرنیشنل ٹورنٹو کینیڈا

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اسلام آباد۔ رقت آمیز الوداع

عالمی مبلغ اسلام، حضور خواجۂ خواجگان اعلیحضرت الحاج خواجہ **محمد معصوم** صاحب مدظلہ العالی سجادہ نشین دربار عالیہ نقشبندیہ مجددیہ موہری شریف تحصیل کھاریاں ضلع گجرات (پاکستان) عالمی حلقۂ احباب کی خصوصی دعوت پر امریکہ و یورپ کے تبلیغی سفر کی خاطر ۳ اپریل ۱۹۸۶ء بروز جمعرات دو بجے بعد از نماز ظہر دربار پاک سے روانہ ہو کر پانچ بجے شام بوقت عصر راولپنڈی پہنچے۔ نماز مغرب کے بعد کمیونٹی سنٹر ہال اسلام آباد میں موصوف کی زیرِ صدارت عظیم الشان محفلِ معراج النبی صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کا آغاز ہوا۔ ختم خواجگان، حلقۂ ذکر، تلاوتِ قرآن مجید و نعت خوانی ہوئی۔ پھر حضرت مخدوم زادہ قاضی محمد اسرار الحق صاحب حقانی، حضرت صاحبزادہ مولانا محمد ابوبکر صاحب چشتی، مولانا علامہ محمد اورنگ زیب صاحب قادری، مولانا محمد مشتاق احمد صاحب مشتاقی اور دیگر ممتاز علمائے کرام نے تقاریر کیں۔ سٹیج سیکرٹری صاحبزادہ محمد طاہر مبین تھے۔ تقریب سعید کے اختتام پر صلوٰۃ و سلام بحضور خیر الانام صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم پیش کیا گیا۔ دعائے خیر کے بعد اسی ہال میں نماز عشا ادا کی گئی۔ لنگر کا انتظام آستانہ خیریہ میں تھا۔

بین الاقوامی سطح کے اس دورہ کے موقع پر مذکورہ پروگرام کا اہتمام حضرت صوفی ابوالخیر محمد عبداللہ جان صاحب اور محترم چوہدری محمد وارث علی صاحب مالک الخضریہ فلور ملز اسلام آباد نے خصوصی انداز میں کیا۔ زاں بعد حضرت خواجہ سرکار دامت برکاتہم القدسیہ گاڑیوں کے جلوس کے ساتھ ائیرپورٹ پر رونق افروز ہوئے۔ روح پرور محفل مقدسہ پونے دو بجے رات تک جاری رہی۔ یہ وقت اسلام آباد سے نیویارک امریکہ روانگی کا تھا۔ چنانچہ رقت انگیز سماں تھا۔ حضرت صاحب مدظلہ العالی بذریعہ وی۔ آئی۔ پی جہاز کے فرسٹ کلاس پورشن میں تشریف فرما ہوئے۔ راقم الحروف حاجی منظور حسین صاحب لالہ موسیٰ، صوفی ذوالفقار احمد صاحب فیصل آباد اور صوفی محمد فاروق صاحب زراعت آفیسر احمد پور شرقیہ کو شرفِ ہمسفری نصیب ہوا۔ پی۔ آئی۔ اے کی پرواز نمبر ۷۱۵، ڈی۔ سی ٹن دو بجے شب اسلام آباد سے روانہ ہوئی۔

Istambul استنبول (ترکی)

سینیٹر پروفیسر خورشید احمد کی پیر صاحب موہری شریف سے ملاقات

سات گھنٹہ کی مسلسل پرواز کے بعد جہاز استنبول کے ہوائی اڈہ پر اترا۔ مسافروں کو باہر جانے کی اجازت تھی۔ مقامی وقت کے مطابق صبح کے سات بجے تھے۔ جبکہ پاکستانی وقت صبح نو بجے کا تھا۔ دو گھنٹے کا فرق تھا۔ خواجۂ بندہ نواز نے کمال شفقت و محبت سے ایئر پورٹ سے ملحقہ مقامات دیکھنے کو فرمایا۔ بہت سے لوگ زیارت و ملاقات کو آئے۔ اُن میں پروفیسر خورشید احمد نائب امیر جماعت اسلامی پاکستان و رکن ایوانِ بالا بھی شامل تھے۔ وہ اسی طیارہ سے میکسیکو میں ایک سرکاری اجلاس کیلئے جا رہے تھے۔ ایک گھنٹہ قیام کر کے جہاز اگلی منزل کو چلا۔

Frankfort فرینکفرٹ

مزید چھ گھنٹہ بعد جہاز مغربی جرمنی کے فرینکفورٹ ائیر پورٹ پہنچا جو خوبصورتی و فنِ تعمیر کا عظیم شاہکار ہے۔ اور بہت وسیع و عریض ہے۔ طیارہ دس ہزار میٹر کی بلندی تک پرواز کرتا رہا۔ یہاں دن کے ساڑھے دس بجے تھے۔ جبکہ پاکستانی ٹائم ڈیڑھ بجے دوپہر کا تھا۔ پیر صاحب موہری شریف پہلے ہی لاؤنج میں جلوہ کناں تھے۔ سبھی مسافر باجازت عملہ قریبی جگہوں پر چہل قدمی کیلئے گئے۔ یہ ائیر پورٹ ہوم جنکشن کی حیثیت رکھتا ہے۔

New York نیویارک

محبت فاتح عالم

فرینکفورٹ جرمنی میں ایک گھنٹہ تک JOURNEY BREAK رہا۔ ازاں بعد نیویارک روانگی ہوئی۔ جہاز نے خشکی و تری کے کئی اہم مقامات روند ڈالے۔ نشستیں ونڈوز سائیڈ WINDOWS SIDE ہونے کی بنا پر فضا سے متعدد ممالک اور سمندروں کا نظارہ کیا۔ دورانِ سفر بھی نماز اور ختم خواجگان کے معمولات جاری رہے۔ آٹھ گھنٹہ بعد جہاز نیویارک کے سب سے خوبصورت کینیڈی ائیر پورٹ پر کھڑا تھا۔ اس کشادہ اور جاذبِ نظر نیز مصروف ترین ہوائی اڈہ پر ایک منٹ میں تین جہاز چڑھتے اور اُترتے ہیں۔ مسافروں کی سہولت کیلئے بہت اعلیٰ

انتظامات موجود ہیں۔ یہاں دن کے ساڑھے بارہ بجے تھے اور پاکستان میں رات کے ساڑھے دس بجے کا وقت تھا یعنی نیویارک اور پاکستان میں ۱۰ گھنٹے کا فرق ہے۔ ایئرپورٹ پر مختلف طرح دار دو بینرز بالکل نئے اور واضح دکھائی دے رہے تھے۔ جن میں اہلاً و سہلاً و مرحبا اور خوش آمدید صاف لکھا ہوا تھا۔ حضور سرکار مدظلہ نے اُن کی طرف اشارہ کیا اور پھر نیویارک کے فضائی نظارہ کی دعوت دی۔ جہاز سے اُترتے ہی ٹکٹوں کی ری کنفرمیشن RE-CON-FORMATIO امیگریشن اور سامان وغیرہ کے سلسلہ میں خود تمام رہنمائی موصوف نے فرمائی۔ ہوائی اڈے سے باہر گاڑیاں موجود تھیں۔ وفد محترم حاجی محمد رمضان صاحب کی رہائش گاہ بروک لین پہنچا۔ یہ نیویارک کا اہم ترین علاقہ ہے۔ یہاں باجماعت نماز ظہر ادا کی گئی۔ پھر کھانا ہوا۔ میزبان کی درخواست پر حضور خواجہ صاحب اُن کے سٹور تک دُعا فرمانے تشریف لے گئے۔ ہمیں حاجی صاحب کے لڑکے محمد عمران صاحب نے نیویارک کے اہم مقامات دکھائے۔ جن میں مین ہٹن سٹی کی ایک سو چار اور ایک سو دس منزلہ فلک بوس عمارات، سطح سمندر کے نیچے بنی ہوئی سڑک، دنیا کا سب سے طویل تاروں والا پل، ساحل پر ایستادہ بحری بیڑہ اور دیگر عجائبات شامل تھے۔ کوئنز بھی نیویارک کا اہم اور معروف علاقہ ہے۔ حضرت خواجہ محمد معصوم صاحب کی معیت میں نماز عشاء مکی مسجد اسلامک سنٹر بروک لین میں باجماعت پڑھی۔ قابلِ ذکر امر یہ ہے کہ اس سے پہلے کبھی کوئی عالم یا مردِ درویش یہاں نہ پہنچا تھا۔ جس کے باعث ماحول میں اجنبیت کا احساس اُبھرا۔ حاضرین میں بھی اور مہمانوں میں بھی۔ لیکن فضا باہمی احترام و عقیدت کے پاکیزہ جذبہ سے معمور رہی۔ جسے قبلہ عالیان کی پُرسوز اور دل شکار کرنے والی گفتگو اور حسنِ سلوک نے یکسر بدل کر رکھ دیا۔ راقم الحروف نے بھی ایک گفتہ خطاب کیا۔ حلقۂ ذکر کے بعد تو یہ تبدیلی بالکل نمایاں ہوگئی۔ محبتِ اولیاء اور عشقِ رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم سے اُن کے چہرے جگمگانے اور تمتمانے لگے۔ اب یہ جملہ مقامی حضرات ولئ کامل کے اشارۂ ابرو پر دل دے بیٹھے تھے چنانچہ پھلوں اور مشروبات کے بعد متذکرہ سنٹر کی تمام انتظامیہ، اپنے اڑھائی تین صد مقتدیوں کے ہمراہ حاجی محمد رمضان صاحب کی رہائش گاہ پر آئی۔ جنمیں حاجی بشیر احمد صاحب میرپوری، محمد عمران صاحب لاہور، راجہ مظہر اقبال صاحب راجہ محمد الطاف صاحب اور راجہ محمد سجاد صاحب (جو کہ موہری شریف کے رہنے والے ہیں) پیش پیش تھے۔ انہوں نے دردمندانہ دست بستہ التجا کی کہ انہیں حلقۂ بیعت میں لے لیا جائے۔ انہوں نے مزید کہا کہ بےشک سرکار مقبول بارگاہ صمدیت ہیں۔ اب ہم ایسی مقدس ہستی کے فیوض و برکات میں سے کیوں حصّہ نہ لیں۔ ہمارا عزم صمیم ہے کہ ہم اسی در کے غلام ہو کے رہیں گے۔ یہ سلسلہ رات تین بجے تک ہوتا رہا۔ انہوں نے یہ اصرار بھی کیا کہ نیویارک کو مزید وقت دیا جائے۔ لیکن صبح سان فرانسسکو کیلئے روانہ ہونا تھا۔

سان فرانسسکو San Fransisco

انڈیا کا نعت خواں

۵ اپریل بروز ہفتہ صبح ساڑھے آٹھ بجے لگاریا ائیرپورٹ سے بذریعہ فلائٹ نارتھ اینڈ ویسٹ نمبر ۱۵۹ سان فرانسسکو کیلئے پرواز ہوئی۔ یہ ائیرپورٹ امریکہ کے اندرونِ ملک ریاستوں میں سفر کی خاطر ہے اور بہت خوبصورت ہے۔ راستہ میں ایک گھنٹہ MINEE APLOSE منی ایپلس ہوم جنکشن ائیرپورٹ پر قیام کیا گیا۔ اکثر جہاز یہاں سے ہو کر جاتے ہیں۔ یہاں دن کے گیارہ بجے تھے۔ نیویارک کا وقت بارہ بجے دوپہر تھا۔ یوں پاکستانی وقت کے ساتھ گیارہ گھنٹے کا فرق بنتا ہے۔

جہاز مشہور امریکی ریاست کیلیفورنیا کے انٹرنیشنل ائیرپورٹ سان فرانسسکو پر اُترا۔ جونہی گیلری سے باہر نکلے محترم صوفی رانا محمد حنیف صاحب، الحاج صوفی شیخ سعید حسن نقشبندی، رانا محمد صدیق صاحب آف چیکو، اعجاز احمد صاحب سکرامنٹو، غلام مصطفٰے صاحب، محمد ادریس صاحب، محمد جاوید صاحب، میاں محمد اقبال صاحب اور دیگر متعدد دوست بلند آواز سے کلمۂ پاک کا ذکر کر رہے تھے۔ ائیرپورٹ کے اندر خود حضرت صاحب نے ذکر بالجہر کرانا شروع کر دیا۔ آپ نے ارشاد فرمایا کہ اِن ائیرپورٹس پر بلند آواز سے گفتگو بھی خلافِ دستور سمجھی جاتی ہے۔ مگر دوست ہیں کہ ہاتھوں میں ہار لئے بڑی قلبی کیفیت میں ڈوب کر ذکر میں معروف ہیں۔ وہ اس وقت اپنے ماحول سے قطعی بے نیاز ہیں۔ خدا تعالےٰ انہیں برکت دے۔ والہانہ استقبال کے بعد گرمجوشی کے ساتھ مصافحہ اور معانقہ ہوا۔ ویڈیو کیمرہ لمحات کو محفوظ کر رہا تھا۔ وہاں موجود انگریز گہرا اثر قبول کر رہے تھے۔

ائیرپورٹ سے کاروں کا جلوس محترم محمد ادریس صاحب جنجوعہ کے مکان پر آیا۔ جہاں یادگار محفلِ پاک کا انعقاد ہوا۔ بعد میں محترم رانا اعجاز احمد صاحب سکرامنٹو، محترم عرفان علی صاحب، محمد جاوید صاحب اور متعدد دوست حلقۂ بیعت میں شامل ہوئے۔ پھر نماز ظہر باجماعت ادا کی گئی اور لنگر عام تقسیم ہوا۔

نیویارک اور سان فرانسسکو کے وقت میں تین گھنٹے کا فرق ہے۔ نیز سان فرانسسکو اور پاکستان کے درمیان ۱۲ گھنٹہ کا تفاوت ہے۔ بعد از نماز مغرب محترم محمد جاوید صاحب کے ہاں محفلِ مقدسہ انعقاد پذیر ہوئی جس میں لوگوں نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔ راقم الحروف نے وَمَا اَرْسَلْنٰکَ اِلَّا رَحْمَةً لِّلْعٰلَمِیْن کے موضوع پر کافی دیر خطاب کیا۔ محترم محمد صابر صاحب چشتی مراد آبادی انڈیا نے نعت خوانی کی۔ صلوٰۃ و سلام پڑھا گیا۔ ازاں بعد حضور والاشان مدظلہ العالی نے خصوصی دُعائے خیر فرمائی۔ نماز عشاء کے بعد کافی دوست حلقۂ ارادت میں آئے۔

۶ اپریل بروز اتوار صبح کا ناشتہ محترم عرفان علی صاحب کے مکان پر تھا۔ انکی اہلیہ محترمہ ظفر مقصود صاحبہ



بسم اللہ الرحمن الرحیم

ذکر اللہ ھو

بعد از نماز مغرب

محفلِ میلاد۔ ختمِ خواجگان

373, ALT VISTA DRIVE, SOUTH SAN FRANCISCO

بسلسلۂ آمد امیرِ شریعت پیرِ طریقت قطبِ زمان
اعلیٰ حضرت خواجہ خواجگان
الحاج خواجہ صوفی محمد معصوم صاحب مد ظلہ العالی
آستانہ دربار عالیہ موہری شریف تحصیل کھاریاں ضلع گجرات پاکستان
مورخہ ۶۔ اپریل ۱۹۸۶ء بروز اتوار بمقام فی جی مسجد 6, APRIL SUN
نوٹ۔ قبلہ پیر صاحب کے ہمراہ پاکستان سے دو عالم دین بھی تشریف لا رہے ہیں
جناب علامہ مولانا حفیظ الرحمٰن صاحب اور جناب علامہ مولانا سید جعفر حسین شاہ صاحب

لہٰذا سب مسلمان بھائیوں سے گزارش ہے کہ محفل پاک میں شریک ہو کر
اللہ کے ولی کی سعادت حاصل کریں اور علمائے کرام کو سن کر ثواب دارین حاصل کریں
نعت خوان حضرات بھی نذرانہ عقیدت پیش کریں گے۔

تمام شرکائے محفل کے لیے لنگر کا بھی بھرپور اہتمام کیا گیا ہے
جو بعد از محفل ذکر تقسیم کیا جائے گا۔

سان فرانسسکو میں منعقدہ محفل پاک کے اشتہار کا عکس

پاکستانی سفارتخانہ سان فرانسسکو میں لیڈی کونسلیٹ ہیں ۔ ناروے اور ڈنمارک کے ویزوں کے سلسلہ میں اُنکی محترم محمد بشیر صاحب اور محترم غلام مصطفیٰ صاحب جنجوعہ کی کوششیں قابلِ ذکر ہیں ۔

اسی روز نماز مغرب کے بعد فجی اسلامک سنٹر میں شاندار جلسہ معراج النبی صلی اللہ علیہ وسلم کا پروگرام تھا ۔ جسمیں بے شمار مرد اور عورت شریک ہوئے ۔ عورتوں کے لئے پردہ کا خاص انتظام تھا ۔

فجی سنٹر ہال میں ختم خواجگان اور حلقۂ ذکر کے بعد تلاوت قرآن پاک ہوئی ۔ جامع مسجد فجی کے خطیب اعظم مولانا ارزانی صاحب نے بڑی عقیدت سے نعت شریف پیش کی ۔ اور بندہ نے معراج مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کو موضوعِ تقریر بنایا ۔ اختتام سے قبل حضور پیر صاحب نے دُعا فرمائی ۔ تب نمازِ عشاء ادا کی گئی ۔ حاضرین سارے پروگرام سے بہت متاثر ہوئے ۔ چنانچہ فجی اسلامک سنٹر کی انتظامیہ کے صدر محترم محمد اعظم صاحب مع دیگر سینکڑوں احباب حلقۂ ارادت میں آئے ۔ ان لوگوں نے دوبارہ پروگرام کے لئے خصوصی دعوت بھی دی ۔ سان فرانسسکو ریاست کیلیفورنیا کا کشادہ اور خوبصورت ترین شہر ہے ۔ یہاں موسم اکثر ٹھنڈا رہتا ہے ۔ ہپی ازم ، فیشن اور مادہ پرستی کا زبردست مرکز ہے ۔ یہاں حضرت صاحب قبلہ نے جس ہمت و استقامت اور شبانہ روز محنت و عرق ریزی سے اشاعت اسلام کا کارِ زریں سرانجام دیا ۔ وہ اپنی مثال آپ ہے ۔ اسی باعث یہاں لاتعداد گم گشتہ راہ ہدایت یافتہ ہو کر مجسمۂ عمل و اخلاص بن گئے ۔ رات کو محفل مبارکہ سے فارغ ہو کر حضرت صاحب مدظلہ اپنے لئے مخصوص بہترین امریکنی کار ڈی لنکن کار میں سوار ہوئے ۔ جبکہ راقم الحروف اور دوسرے ساتھیوں کو مرسڈیز سواری کیلئے دی گئی ۔ محترم رانا محمد صدیق صاحب اور محترم محمد حسین صاحب فجی بالترتیب انہیں ڈرائیو کر رہے تھے ۔ مختلف پر رونق آبادیوں اور علاقوں سے گزرتے ہوتے BAY- BRIDLIE بے بریڈلی ، اوکلینڈ OAK LAND اور آخر میں WALLETO ولیھو پہنچے ۔

Wellejo **ولیھوٗ**

ہزاروں میل سفر کر کے مرید ہوئے ۔

یہ محترم حضرت رانا محمد حنیف صاحب خلیفہ مجاز کا مسکن ہے ۔ رات بسر کی ۔ ۱۷ اپریل بروز پیر دوپہر کا کھانا یہیں پر کھایا ۔ بعد از نماز مغرب محترم محمد حسین صاحب آف فجی کے ہاں روحانی محفل کا پروگرام تھا ۔ یہ شب معراج النبی صلی اللہ علیہ وسلم کا نورانی موقعہ تھا ۔ ختم خواجگان و ذکر الٰہی کے بعد محترم صوفی محمد فاروق صاحب نے کیف زا تلاوت و نعت کا مظاہرہ کیا ۔ بندہ نے وقت کی مناسبت سے فلسفۂ معراج پر تقریر کی ۔ پھر صلوٰۃ و سلام پڑھا گیا ۔ نیز دعائے خیر کے بعد نماز عشاء باجماعت ہوئی ۔ اسوقت محترم محمد حسین صاحب ، اُن کے والد گرامی جو صرف محفل مشورہ کیلئے بھی

ابھی کینیڈا سے آئے تھے۔ محترم برکت علی صاحب آف آسٹریلیا اور دیگر کئی لوگ حضور سرکار کے مرید ہوئے۔ اختتام محفل پر قیام کی خاطر محترم غلام مصطفےٰ صاحب جنجوعہ کے مکان پر سان فرانسسکو واپسی ہوئی۔

شکاگو Chichago

دُنیا کی سب سے اُونچی عمارت اور مسلمانوں کا شہر

سان فرانسسکو ایئر پورٹ سے صبح ساڑھے سات بجے بذریعہ نارتھ ویسٹرن ایئر لائنز شکاگو کیلئے روانگی ہوئی۔ گیارہ بجے دن منی اپلس MINEE APLOSE ایئر پورٹ پر اترے۔ یہاں دوپہر کا کھانا کھایا اور حضرت صاحب قبلہ کی امامت میں نماز ظہر باجماعت ادا کی۔ فرضوں کے بعد کلمۂ طیبہ کا بلند آواز سے ذکر کیا گیا تو غیر مسلموں نے اس میں بڑی دلچسپی ظاہر کی۔ ہم چار بجے شام شکاگو کے خوبصورت ہوائی اڈہ اوہیر OHARE پر کھڑے تھے۔ جہاں خواجہ عبدالحق صاحب مرحوم کے صاحبزادے اور مولانا محمد عبداللہ صاحب مرحوم آف ملکہ تحصیل کھاریاں کے پوتے خواجہ مشتاق علی صاحب کے مکان پر پہنچے اور نماز عصر باجماعت ادا کی۔ مغرب کے بعد محفل کا انعقاد ہوا جس کے اختتام پر خواجہ مشتاق علی صاحب، خواجہ شوکت علی صاحب، حکیم محمد سعید صاحب مرحوم آف لالہ موسیٰ کے لڑکے ڈاکٹر عبدالغفور صاحب (متوطن امریکہ)، محمد صفدر صاحب اور متعدد احباب بیعت ہوئے۔ اوّل الذکر بڑے ذی علم، صاحب فراست اور تجربہ کار افسر ہیں۔

۹ اپریل کو صبح کی محفل اور ناشتہ حسب پروگرام اکوس IKVE شکاگو میں محترم محمد صفدر صاحب سیالکوٹی کے مکان پر تھا۔ شکاگو میں مسلمانوں کی تعداد ایک لاکھ کے لگ بھگ ہے۔ مذہبی تہوار خصوصاً عیدین کے موقع پر ستر اسی ہزار کا اجتماع عظیم ہوتا ہے۔ اور چار پانچ مرتبہ نماز عید پڑھی جاتی ہے۔ جس سے غیر مسلم پر بہت اچھا اثر پڑتا ہے۔ دنیا کی سب سے اُونچی بلڈنگ جو SEA TOWER کے نام سے معروف ہے۔ اسی شہر میں ہے۔ یہاں زیادہ بلڈنگز شیشہ کی ہیں۔ سمندر بالکل ساتھ ہے۔ لہذا اسے ونڈسٹی WIND CITY ہواؤں کا شہر بھی کہتے ہیں۔ اِس کی آبادی ایک کروڑ کی ہے۔ جس میں زیادہ تعداد مزدوروں کی ہے۔ جنہوں نے کبھی اپنے آپ کو سیاسی سکہ بنانے میں دلچسپی نہیں لی اور نہ ہی یکم مئی کو چھٹی کرتے ہیں۔ شکاگو اور سان فرانسسکو میں دو گھنٹے اور شکاگو و نیویارک میں ایک گھنٹے کا فرق ہے۔

Washington واشنگٹن

ممتاز عالمی مفکر پروفیسر ڈاکٹر محمد طاہر القادری صاحب کا ٹیلیفون

۹ اپریل بدھ وار کو بعد پونے گیارہ بجے فلائیٹ نارتھ ویسٹرن نمبر ۳۲۲۳ کے ذریعہ شکاگو سے واشنگٹن روانہ ہوئے اور تین بجکر تیس منٹ پر واشنگٹن کے بین الاقوامی ائیر پورٹ پر اُترے۔ یہ شہر امریکہ کا صدر مقام ہے۔ محترم عبدالحمید صاحب انجینئر کے ہاں میری لینڈ MARY LAND میں قیام تھا۔ نماز ظہر باجماعت کے بعد میری لینڈ سے پچاس کومیٹر دور بالٹی مور BATE MORE پہنچے۔ جہاں کے اسلامک سنٹر میں نمازِ عشاء پڑھی۔ یہاں کے رہنے والے روحانیت سے بالکل خالی ہیں۔ حضور سرکار والا تبار نے فیضانِ اولیاء کرام اور روحانیت کے عنوان پر خطاب فرمایا جس کے بے حد گہرے اور فوری اثرات مرتب ہوئے۔ رات کو میزبان کے ہاں واپسی ہوئی۔ ۱۰ اپریل بروز جمعرات کو بھی میری لینڈ میں ہی قیام تھا۔ لہٰذا اس روز اچانک ممتاز اسلامی مفکر پروفیسر ڈاکٹر محمد طاہر القادری صاحب اور مولانا قاری سید صداقت علی شاہ صاحب نے ٹیلی فون پر حضرت صاحب دامت برکاتہم سے بات چیت کی۔ نماز ظہر کے بعد میری لینڈ سے پھر واشنگٹن آئے اور وائٹ ہاؤس، کانگریس ہاؤس، کرنسی بلڈنگ، واشنگٹن مانومنٹ، مقبرہ لنکن سمیت کئی عمارات، مقامات اور عجائبات دیکھے۔ مین ہٹن سٹی میں پرانی عمارتوں کی بجائے نئی عمارتیں تعمیر کی جارہی ہیں۔ پونے چار بجے سہ پہر واشنگٹن سے ایک بار پھر سان فرانسسکو کیلئے روانگی ہوئی۔ پونے چھ بجے منی ایپلس ائیر پورٹ پر اُترے۔ جہاں خود حضور عالی مرتبت نے نماز عصر کی امامت فرمائی اور کلمہ طیبہ کا ورد کرایا۔ سینکڑوں غیر مسلم عبادت کا یہ منظر شوق سے دیکھ رہے تھے۔

San Fransisco سان فرانسسکو

پاکستانی سفارت خانے کی لیڈی کونسلیٹ حلقۂ بیعت میں

ہم ساڑھے آٹھ بجے شب سان فرانسسکو ائیر پورٹ پر موجود تھے۔ جہاں دوست استقبال کیلئے آئے ہوئے تھے۔ ائیر پورٹ سے محترم شیخ سعید حسن صاحب کے بھائی شیخ ماجد حسن صاحب کی رہائش گاہ گئے۔ حسب دستور محفل مقدس منعقد ہوئی۔ جس میں راقم الحروف نے ذکر پاک کے متعلق اظہار خیال کیا۔ صلوٰۃ وسلام بدرگاہ خیر الانام صلی اللہ علیہ وسلم پیش کیا گیا۔ حضرت صاحب موصوف نے دعائے خیر فرمائی۔ باجماعت نماز عشاء کے بعد لنگر بٹا۔ آخر میں بہت سے مرد اور عورتیں مرید ہوئیں۔ پاکستانی سفارتخانہ سان فرانسسکو کی لیڈی کونسلیٹ محترمہ ظفر مقصود صاحبہ بھی یہیں بیعت ہوئیں۔ پھر سان فرانسسکو سے ڈلیو پہنچے۔

چیکو Chico

کلین شیوڈ اور سر سے ننگے امام کو ہدایت

۱۱ اپریل بروز جمعۃ المبارک صبح کا ناشتہ اور محفل پاک کا پروگرام محترم رانا محمد حنیف صاحب کے داماد رانا محمد مختار صاحب کے ہاں تھا۔ اختتام تقریب پر وہ اپنی اہلیہ صاحبہ اور چھوٹے بھائی رانا محمد طارق صاحب سمیت بیعت ہوئے۔ پھر کاروں کا یہ قافلہ ۱۲ بجے دن چیکو پہنچا۔ یہاں امریکہ کی مشہور بین الاقوامی یونیورسٹی ہے۔ جس میں تیس ہزار طلباء طالبات تعلیم پاتے ہیں۔ نماز جمعۃ المبارک مقامی اسلامک سنٹر میں پڑھی۔ جہاں بڑی تعداد میں طلباء بھی شریک تھے۔ جمعہ شریف کے بعد اسلامی احکام اور دینی مسائل پر ایک خصوصی نشست برپا ہوئی۔ غیر ملکی طلباء استفسارات کرتے تھے اور حضرت صاحب قبلہ تفصیل سے کافی وشافی جوابات مرحمت فرماتے تھے۔ دلچسپ بات یہ ہے کہ یہاں کے خطیب صاحب ننگے سر اور کلین شیوڈ امامت کی تیاری میں لگے ہوئے تھے کہ حضور مدظلہ العالی نے سبکو آداب نماز اور اصلاح احوال کی تلقین فرمائی۔ جس پر اُنہوں نے معذرت کی اور بتایا کہ یہ باتیں اُن کے علم میں نہ تھیں اور آئندہ مکمل آداب کی پابندی کی جائے گی۔ چیکو اسلامک سنٹر کی انتظامیہ کے صدر محترم رانا محمد صدیق صاحب نے اُسی وقت سنٹر میں ٹوپیوں کا انتظام کیا تاکہ نماز سر ڈھانپ کر ادا کی جائے۔ تقریب کے بعد پھل اور شربت بطور تبرک تقسیم کئے گئے۔

وِلوز Willws

حضور خواجہ سرکار مدظلہ العالی کے غیر معمولی آئی سیلز

یہاں حضرت صاحب قبلہ نے ڈاکٹر بریڈ شاہ (BREAD SHAW) سے اپنا مکمل طبی معائنہ کرایا۔ جس کی رپورٹ بہت اچھی تھی۔ ڈاکٹر مذکور نے آپ کے آئی سیلز EYE CELLS کی بے حد تعریف کی۔ پھر محترم رانا محمد صدیق صاحب رئیس وِلوز کے ہاں آمد ہوئی جو وہاں کے بڑے زمیندار اور کاروباری شخص ہیں۔ ان کا رقبہ دو سو ایکڑ مطابق ۸ مربعہ ہے۔ یہاں بعد از نماز عصر سابق وفاقی وزیر خزانہ رانا محمد حنیف خانصاحب کے داماد محترم رانا محمد نسیم صاحب حضور والاشان کے دست مبارک پر بیعت ہوئے۔

Bute City بیوٹ سٹی

بڑے زمیندار کی توبہ

یہاں چوہدری محمد اسلم خان صاحب رئیس اعظم کے ہاں محفل تھی ۔ میزبان ایک ہزار ایکڑ یعنی چالیس مربع اراضی کے مالک ہیں ۔ جس میں ہر قسم کی پیداوار ہوتی ہے ۔ بیج بذریعہ ہوائی جہاز ڈالتے ہیں اور اسی طرح فصلوں پر ادویات کا سپرے کرتے ہیں ۔ رہائش محل نما کوٹھی میں ہے انہوں نے دائیں آنکھ کی تبدیلی کا اپریشن حال ہی میں کرایا ہے ۔ باوجود علالت کے وہ بڑی نیاز مندی اور محبت و خلوص سے ملاقی ہوئے ۔ محفل کے بعد نماز عشاء باجماعت ادا کی گئی ۔ پھر چوہدری محمد اسلم خان صاحب، اور اُن کے والد محترم چوہدری برکت علی خان صاحب سلسلۂ عالیہ نقشبندیہ مجددیہ میں داخل ہوئے ۔ یہ سرشمیر ضلع فیصل آباد کے رئیس اعظم بھی ہیں ۔ ان کے دادا صاحب سنہ ۱۵۹۰ء میں مستقلاً امریکہ آ گئے تھے ۔ اسی وجہ سے چوہدری محمد اسلم خان صاحب کی رہائش و جائیداد وغیرہ امریکہ میں ہے ۔ ۱۲؍اپریل بروز ہفتہ صبح کا ناشتہ اور محفل محترم رانا عزیز الرحمٰن صاحب کے لڑکے اور سابق وفاقی وزیر خزانہ کے داماد محترم رانا محمد نسیم صاحب کے ہاں تھی ۔ میزبان نے اس موقع پر اپنے تاثرات میں کہا ۔ ”میری شادی میں صدر پاکستان چوہدری فضل الٰہی صاحب مرحوم سابق وزیر اعظم ذوالفقار علی صاحب بھٹو اور کئی دیگر ممتاز شخصیات نے بھی شرکت کی ۔ لیکن حضرت صاحب قبلہ کے شرف زیارت و ملاقات میں جو طمانیت ملی ۔ وہ پہلے کبھی حاصل نہ ہوئی ۔ پھر انہوں نے خواب کا واقعہ بیان کیا، اور کہا ۔ کہ وہ بے سُدھ سو رہے تھے ۔ کہ حضرت قبلہ نے انہیں جگایا ۔ اس طرح اُن کی نمازِ فجر قضا ہونے سے بچ گئی ۔ دریں اثناء رانا محمد حنیف خان صاحب، رانا محمد صدیق خانصاحب شیخ سعید حسن صاحب، راقم الحروف، حاجی منظور حسین صاحب صوفی ذوالفقار احمد صاحب اور صوفی محمد فاروق صاحب پر عجیب کیفیت رہی ۔ حضرت صاحب ازاں بعد محترم محمد افضل صاحب کے مکان پر دُعا کرنے تشریف لے گئے ۔ وہاں اُن کے دو لڑکے مرید ہوئے ۔ دس بجے چیکو سے وسیو پہنچے ۔ نمازِ ظہر کے بعد محترم محمد بشیر صاحب انجنیئر الیکٹرک سٹی کے ہاں ...... WALNUT CREEK میں محفل پاک ہوئی ۔ اور لنگر عام تقسیم کیا گیا ۔ دوستوں کے خلوص نے یہاں راقم الحروف کو بہت متاثر کیا ۔

Berkely برکلے

اہلِ علم کی محافل

برکلے دنیا کی سب سے بڑی یونیورسٹی ہے ۔ یہاں ساٹھ ہزار سے زائد طلباء و طالبات تعلیم حاصل کرتے

ہیں۔ اس کے طلباء میں سابق وزیر اعظم پاکستان ذوالفقار علی بھٹو اور کئی ممتاز معروف سیاسی شخصیات کے نام آتے ہیں۔ ہمارا پروگرام بھی یونیورسٹی کے ٹمپل ہال TEMPLE HALL میں تھا اس لئے شرکاء میں زیادہ تر نامور پروفیسر زاور ذہین طلباء شریک ہوئے، اس عظیم اور شاندار محفل کی پبلسٹی جدید ترین ذرائع ابلاغ کی بدولت خاطر خواہ طور پر کی گئی تھی۔ چنانچہ نمازِ مغرب کے بعد حال میں تل دھرنے کو جگہ نہ تھی۔ ختم خواجگان، ذکر الٰہی تلاوت و نعت کے بعد معروف ماہر تعلیم پروفیسر سیّد حسن جہانگیر ہمدانی صاحب نے تصوّف کو محققانہ انداز میں موضوع سخن بنایا۔ اُن کے بعد مشہور اُستاد پروفیسر آغا خالد سعید صاحب نے اسلام اور تصوّف پر اپنے قیمتی خیالات کا اظہار کیا۔ راقم الحروف کو بھی کچھ وقت ملا۔ زاں بعد عالمی مُبلّغ اسلام جناب خواجہ حضور قبلہ نے محفل کو ارشادات عالیہ سے سرفراز فرمایا۔ صلوٰۃ وسلام کے بعد دعائے خیر ہوئی۔ ہال ہی میں عشاء کی نماز باجماعت پڑھی گئی۔ اور لنگر عام ہُوا۔

رات کو سکرامنٹو (CITRUS HEIGTS) میں محترم رانا اعجاز احمد صاحب کے ہاں پہنچے یہ برکلے سے ایک سَو میل دُور ہے۔ رانا صاحب یہاں کی معروف کاروباری اور سیاسی شخصیت ہیں۔ موصوف کے اثر ورسوخ میں روز افزوں اضافہ ہو رہا ہے۔ کیونکہ وہ نہایت خلیق اور ملنسار ہیں۔ اُن کے ہاں مختصر محفل پاک ہوئی۔ مولانا محمد ابراہیم صاحب ہمدانی سابق خطیب مسلم مسجد اور دیگر دوستوں نے حضور قبلہ گاہی سے نیاز حاصل کئے۔ اور آپ کے بصیرت افروز خیالات مبارکہ سُنے۔

Stock Ton سٹاکٹن

امیر حزب اللہؒ کے بھانجے کی رہائش گاہ پر دُعا

یہ سکرامنٹو سے پچاس میل کے فاصلے پر ہے۔ یہاں دوپہر کو میاں محمد اقبال صاحب خانپوری نے کوہ نور انڈین اینڈ پاکستانی ہوٹل میں دعوت کا زبردست اہتمام کر رکھا تھا۔ ہوٹل میں مسند رُشد و ہدایت سجائی گئی۔ چنانچہ ختم پاک کے بعد اسلامک سنٹر سٹاکٹن کے امام وخطیب مولانا عبیدالرحمٰن صاحب فاضل جامعہ حقانیہ اکوڑہ خٹک نے تقریر کی۔ بندہ راقم الحروف نے نصف گھنٹہ تک شانِ ولایت ورسالت بیان کی۔ صلوٰۃ وسلام کے بعد حضرت صاحب مُکرم ومعظّمہ نے دُعائے خیر فرمائی۔ محترم محمد ادریس صاحب اور کئی دوسرے دوست حلقۂ بیعت میں شامل ہوئے۔ کثیر التعداد حاضرین نے لنگر عام بھی کھایا۔ محفل پاک میں امیر حزب اللہ حضرت پیر سیّد محمد فضل شاہ صاحب رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ جلالپور شریف کے بھانجے اور حضرت پیر سیّد برکات احمد شاہ صاحب موجودہ سجادہ نشین جلالپور شریف کے پھوپھی زاد بھائی محترم جناب سیّد خالد حسین جعفری صاحب بھی موجود تھے۔ جن کی درخواست پر حضور پیر صاحب موہری شریف اُن کے مکان پر دُعا کیلئے جلوہ کناں ہوئے۔ یہاں اسلامک سنٹر سٹاکٹن کے صدر محترم عبدالشکور خانصاحب اور کئی احباب نے

بیعت کی۔ پھر میاں محمد اقبال صاحب کے مکان پر دُعا کی گئی۔

Sacramento سیکرامنٹو

مدینہ منورہ کے شیخ الجامعہ کی تدریسی خدمات

بعد نمازِ مغرب سیکرامنٹو کی قدیمی مسلم مسجد میں شاندار پروگرام تھا۔ جس کی تشہیر اخبارات اشتہارات اور اعلانات کے علاوہ سنڈے ریکل ریڈیو امریکہ کے ذریعہ برابر کی جا رہی تھی۔ یہ شہر کیلیفورنیا ریاست کا دارالخلافہ ہے۔ بہت خوبصورت ہے مسلمانوں کی آبادی بھی یہاں پر کافی ہے۔ چنانچہ حسب پروگرام ختم خواجگان ذکر اسم ذات، تلاوت قرآن کریم و نعت خوانی ہوئی۔ صوفی محمد فاروق صاحب خاصے نمایاں رہے۔ لقد جاءکم رسولٌ من انفسکم کے موضوع پر راقم نے ڈیڑھ گھنٹہ تقریر کی۔ محفل نے سینکڑوں مرد و خواتین کو متاثر کیا۔ عورتوں کے لیۓ الگ با پردہ انتظام تھا۔ مسلم مسجد سیکرامنٹو میں مدینہ مُنورہ کے شیخ الجامعہ تدریس القرآن کی خدمات سرانجام دے رہے ہیں۔ انہوں نے اپنا نعتیہ قصیدہ شریف سُنایا۔ کثیر تعداد حلقۂ ارادت میں آئی۔ ازاں بعد ریڈیو امریکہ کے لیۓ ایک پروگرام ریکارڈ کیا گیا۔ جس میں حضرت صاحب موہڑوی قبلہ کے دورۂ مبارک کی تفصیلات کا تذکرہ تھا۔ سیکرامنٹو میں مرکزی الوداعی نشست ہوئی۔ محترم رانا محمد حنیف خانصاحب کو ۱۹۸۵ء میں سالانہ عرس پاک کی آخری شام بروز جمعۃ المبارک حضور قبلہ گاہی نے خلافت و اجازت سے سرفراز فرما کر امریکہ بھیجا تھا۔ چنانچہ توجہ خاص کی بدولت محترم رانا صاحب نے اشاعت دین متین اور فروغ سلسلۂ عالیہ کیلئے بحد کام کیا ہے۔ انہیں ذاتی خلوص کی بناء پر معاونین بھی بہت مخلص اور محنتی میسر آئے ہیں۔ رات کو سیکرامنٹو سے روانہ ہو کر رانا صاحب کی قیام گاہ دلیہو پہنچے۔ اسی رات پھر محترم محمد ادریس صاحب کے ہاں سان فرانس کو ورودِ مسعود ہوا۔ صبح ساڑھے سات بجے ڈیٹرائٹ روانہ ہونا تھا۔

Detright ڈیٹرائٹ

دِلے را بدلے رہیست

۱۴ اپریل بروز پیر نمازِ فجر کے بعد ابھی ناشتہ ہو رہا تھا کہ اچانک محترم غلام مصطفےٰ صاحب جنجوعہ آ پہنچے۔ حضرت صاحب نے ارشاد فرمایا۔ کہ آپ کو ہماری آمد کی اطلاع کیسے ہوئی۔ انہوں نے عرض کیا کہ حضور! خود ہی خواب میں تشریف لا کر ملنے کا حکم دیتے ہیں۔ اور خود ہی پُوچھتے ہیں خبر کس نے دی؟ حاضرین پر کیف کا

عالم طاری ہوگیا۔ صبح حضور والا شان کی روانگی کی وجہ سے سبھی دوست اُداس اُداس تھے۔ سان فرانسکو ائیرپورٹ پر تو کئی دوستوں کی رِقّت قلبی کے سبب ہچکی بندھ گئی۔ رانا محمدؐ حنیف خانصاحب، رانا محمدؐ صدیق خانصاحب، صوفی شیخ سعید حسن صاحب، میاں محمدؐ اقبال صاحب، غلام مصطفےٰ صاحب جنجوعہ، محمدؐ ادریس صاحب، محمدؐ جاوید صاحب، محمدؐ بشیر صاحب اور کئی دیگر دوستوں نے پُرنم آنکھوں اور جوشیلے جذبات سے لبریز ہوکر معانقہ و مصافحے سے الوداع کیا۔ ساڑھے سات بجے صبح بذریعہ نارتھ ویسٹرن فلائیٹ ۱۵۹ سان فرانس کو چھوڑا۔ راستہ میں ایک گھنٹہ منی اپلس ٹھہرے، چار بجے سہ پہر ڈیٹرائٹ ائیر پورٹ پہنچے اور حضرت صاحب قبلہ کی امامت میں نمازِ ظہر پڑھی۔

Canada کینیڈا

نوائے وقت انٹرنیشنل کے مدیر اعلیٰ

حضور سرکار والا تبار مدظلہ العالی شام چھ بجے ڈیٹرائٹ ائیرپورٹ سے کینیڈا کیلئے روانہ ہوئے۔ ٹورنٹو کے ہوائی اڈہ پر آپ کا شاندار استقبال کیا گیا۔ بعد از نمازِ مغرب محفل پاک ہوئی۔ یہاں نوائے وقت انٹرنیشنل کے مدیر اعلےٰ محترم سردار علی صاحب بٹ کو خواب میں آپ کی آمد شریف کی بشارت ملی تھی۔ چنانچہ بٹ صاحب اور متعدد دوسرے احباب حضرت صاحب قبلہ کے دست حق پرست پر بیعت ہوئے۔ ۱۶، اپریل بروز بدھ صبح ٹورنٹو سے بذریعہ ریپبلک ائیرلائینز ڈیٹرائٹ واپسی ہوئی۔

New Ark نیوآرک

ڈیٹرائٹ سے نیوجرسی کے ائیرپورٹ نیوآرک زاں بعد اُسی شام حضور والاشان نیویارک میں بروک لین جلوہ افروز ہوئے۔

Norway ناروے

بیک وقت رات کے اندھیرے اور سُورج کے طلوع کا نظارہ

۱۷، اپریل بروز جمعرات چار بج کر پچاس منٹ پر بوقت عصر بذریعہ S-A-S ایس، اے، ایس نیویارک امریکہ سے روانگی ہوئی۔ پرواز کو پانچ گھنٹے بھی پورے نہ ہو پائے تھے۔ کہ ہوائی جہاز کے

دائیں جانب رات کا اندھیرا اور بائیں جانب طلوع آفتاب کا ناقابلِ فراموش منظر دیکھا۔ ہمارا سفر بائیں سمت کو تھا۔ تقریباً سات گھنٹہ کی مسافت طے ہوئی تو اوسلو ناروے OSLO NORWAY کا فضائی منظر شروع ہوگیا۔ ناروے اور نیویارک کے وقت میں سات گھنٹے کا فرق ہے۔ سارا شہر معہ ائیر پورٹ برف کی تہ کے نیچے تھا۔ ۱۸ راپریل بروز جمعۃ المبارک صبح سات بجے اوسلو میں اُترے۔ رن وے صاف تھا۔ حالانکہ درجہ حرارت منفی ۲ تھا۔ یہ دنیا کا سرد ترین ملک ہے۔ ائیر پورٹ سے حضرت صاجزادہ محمد زبیر صاحب کے مکان گیٹ دن اوسلو دن پر پہنچے، محترم صوفی محمد حسین صاحب، چوہدری بہادر خانصاحب چوہدری محمد اشرف صاحب، محترم ظفر یٰسین صاحب، راجہ عبدالقیوم صاحب۔ چوہدری محبوب علی صاحب اور متعدد دوستوں نے حضرت صاحب سے شرف ملاقات حاصل کیا۔ کافی احباب نے پروگرام کیلئے اصرار کیا۔ مگر آپ تنگی وقت کے باعث تشریف نہ لے جاسکے۔ کیونکہ ناروے سے ڈنمارک پہنچنا تھا۔

Denmark ڈنمارک

ادارۂ منہاج القرآن

ساڑھے چار بجے سہ پہر ناروے سے کوپن ہیگن COPENHAIGAN ڈنمارک روانگی عمل میں آئی۔ ایک گھنٹہ بعد کوپن ہیگن ائیر پورٹ پر جا اُترے۔ جہاں حضرت صاجزادہ محبوب الٰہی صاحب کثیر التعداد احباب سمیت استقبال کو موجود تھے۔ سنگیوں نے حضرت صاحب کی ائیر پورٹ سے باہر تشریف آوری کے ساتھ ہی کلمہ شریف کا بلند آواز سے ذکر شروع کر دیا۔ اور ازاں بعد کاروں کا جلوس ہوائی اڈہ سے ادارہ منہاج القرآن میں سٹی کوپن ہیگن پہنچا۔ یہ ممتاز بین الاقوامی دینی سکالر پروفیسر ڈاکٹر محمد طاہر القادری صاحب کی زیر سرپرستی جاری ہوا ہے اور یہاں پروفیسر محمد نواز ظفر صاحب تدریسی خدمات میں مصروف ہیں۔ پھر حضرت صاجزادہ صاحب کی قیامگاہ TASTRUP ٹیسٹ رپ جانا ہوا۔ جہاں مغرب اور عشاء کے درمیانی وقت میں زبردست محفل پاک کا انعقاد تھا۔ زاں بعد لنگر تقسیم کیا گیا۔ یہیں رات کو قیام رہا۔ اگلے روز دوپہر کا پروگرام محترم عبدالحمید صاحب فیصل آبادی کے ہاں تھا جس میں بہت لوگ شامل ہوئے۔ بعد از نمازِ ظہر راجہ عاشق حسین صاحب آف موہری شریف نے دعوت کی۔ نمازِ عصر کے بعد ویسٹر بروگیدے عشا سٹی کوپن ہیگن میں عظیم الشان محفل میلاد النبی صلی اللہ علیہ وسلم کا اہتمام تھا۔ جس کی تشہیر "دعوت حق" نامی پوسٹر کے ذریعہ کی گئی۔ صوفی محمد فاروق صاحب نے نمازِ عصر کے بعد ختم خواجگان پڑھایا اور تلاوت و نعت خوانی کی۔ پھر پروفیسر محمد نواز ظفر صاحب خطیب مرکزی جامع مسجد نے اتحاد بین المسلمین کے عنوان پر بہت مدلل و مؤثر تقریر کی۔ جس سے سارے حاضرین متاثر ہوئے۔ راجہ محمد اشرف صاحب کھنڈا کے وڈیو کیمرہ نے جملہ کاروائی محفوظ کرلی۔

حضرت صاحب کے دست مبارک پر مسلمان ہونیوالے ڈینش مُبلّغ صوفی محمد عمر صاحب بھی مجمع میں حاضر تھے۔ راقم الحروف نے حضرت فیضدرجت کے حکم پر لقد من اللہ علی المؤمنین اذ بعث فیھم رسُولا کے موضوع پر ایک گھنٹہ بھرپور خطاب کیا۔

صلوٰۃ و سلام کے بعد حضور سرکار والا تبار مدظلہ العالی نے دُعا فرمائی۔ نمازِ مغرب جامع مسجد ISH 01 الیسہائے میں ادا کی گئی۔ جس کے بعد ایک مختصر نشست میں فقہی مسائل پر روشنی ڈالی گئی۔ پھر محترم محمدؐ شریف صاحب آف کھاریاں کے ہاں ISH 01 الیسہائے میں محفل پاک ہوئی۔ جس میں بہت لوگ شریک تھے۔ راقم الحروف نے چند منٹ ذکر الہٰی کی فضیلت بیان کی۔ اور پھر حضرت قبلہ گاہی نے ملفوظات خاص مرحمت فرمائے۔ جنکا حاضرین پر گہرا اثر ہُوا۔ صلوٰۃ و سلام کے بعد دُعا اور لنگر کے مراحل آئے۔ عالمی مبلغ اسلام اعلیٰحضرت صاحب موہڑوی تب دُعا کیلئے حضرت صوفی بشیر احمد صاحب وزیر آبادی کے لڑکے محترم محمدؐ اشرف صاحب کے ہاں دُعا کیلئے تشریف لے گئے۔ پھر اور مقامات پر بھی دُعائے خیر ہوئی۔ رات ایک بجے حضرت صاحبزادہ محبوب الہٰی صاحب کے ہاں واپس آئے۔ رات کا بقایا حصّہ حضرت صاحب نے ترسیل ڈاک اور پاکستان میں احباب کے ساتھ رابطہ میں جاگ کر بسر فرمایا۔ صبح کوپن ہیگن سے ہالینڈ روانگی تھی۔ چنانچہ ناشتہ کے بعد حضرت صاحبزادہ محبوب الہٰی صاحب، چوہدری عبدالحمید صاحب محمدؐ اشرف صاحب تبسم، رانا محمدؐ اکرم صاحب منیجر سری لنکا ائیر لائنز، راجہ محمدؐ منیر صاحب، راجہ محمدؐ عاقل صاحب، راجہ عبدالرشید صاحب، راجہ محمدؐ اجمل صاحب، راجہ کنویز صاحب، راجہ محمدؐ زبیر، راجہ امجد حسین صاحب، رضوان اللہ صاحب، محمدؐ شریف صاحب، راجہ محمدؐ عاشق صاحب آف موہڑی شریف اور دیگر بشیار احباب نے ائیرپورٹ پر بڑی گرم جوشی سے الوداع کیا۔

Holland ہالینڈ

ڈچ لڑکی شینت غلام فاطمہ بن گئی

کوپن ہیگن ڈنمارک سے بذریعہ کے ایل ایم ہالینڈ کیلئے صبح ساڑھے نو بجے روانہ ہوئے۔ برفباری کا نظارہ دیدنی تھا۔ ایک گھنٹہ کی مسافت ایمسٹرڈیم لے آئی۔ جہاں خیر مقدمی احباب موجود تھے۔ ائیرپورٹ سے باہر تو ہجوم ہاتھوں میں ہار لئے کلمۂ طیبّہ کا ذکر بالجہر کر رہا تھا۔ یہاں محمدؐ شمشاد علی صاحب بٹ کا وڈیو کیمرہ عقیدت کے دلکش مناظر لے رہا تھا۔ ائیرپورٹ سے محترم محمدؐ جاوید صاحب کے مکان پر حضور سرکار قبلہ رونق افروز ہوئے۔ جہاں شنیت نامی عیسائی لڑکی نے حقانیت اسلام تسلیم کی اور فاطمہ بی بی کا نام پایا نیز خواجہ موہڑوی کے حلقہ ارادت میں شامل ہوگئی۔ تو جناب فیض مستطاب کے حکم سے راقم الحروف نے اُس کا نکاح محمدؐ داؤد ولد محمد یوسف آف ڈسکہ سے پڑھایا۔ جس کی خوشی میں شیرینی بانٹی گئی۔

روٹرڈیم Rotterdam

سیالکوٹ یا لاھور کا کیف

روٹرڈیم شہر میں بعد از نماز ظہر مرکزی جامع مسجد قرطبہ کے اندر عظیم الشان جلسۂ معراج النبی صلی اللہ علیہ وسلم منعقد ہُوا۔ ختم خواجگان، حلقۂ ذکر کے بعد حضرت مولانا محمد نذیر صاحب فیصل آبادی خطیب جامع مسجد غوثیہ روٹرڈیم نے بڑے عاشقانہ انداز میں تقریر کی۔ یہاں جلسہ کی حاضری اور مذہبی جوش وخروش کا حوالہ بھی بہت ضروری ہے۔ راقم الحروف نے معراج النبی صلی اللہ علیہ وسلم کو موضوع خطاب بنایا۔ ایسا محسوس ہو رہا تھا۔ کہ اجلاس یورپ کے ملک ہالینڈ میں نہیں سیالکوٹ یا لاہور میں انعقاد پذیر ہے۔ عوام کے شدید اصرار پر حضور خواجگان نے خطبۂ مسنونہ وتلاوت آیات پاک کے بعد ارشادات یوں شروع فرمائے۔

”حضرت سیدنا ابوالحسن خرقانی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کا ملفوظ محفوظ ہے۔ کہ تمام لوگ اس بات میں گم ہیں، کہ حضورِ اکرم علیہ الصلوٰۃ والسلام فرشی ہو کر معراج کی شب عرشوں پر کیسے تشریف لے گئے۔ اور فقیر اس بات میں گم ہے۔ کہ محبوبِ کائنات وخالق کل جل مجدہ الکریم عرشی ہو کر فرشوں پر کیسے جلوہ فرما ہوئے۔ ازاں بعد آپ نے حالات حاضرہ پر بصیرت افروز خیالات کا اظہار فرمایا۔ ہر کوئی یہ کہہ رہا تھا۔ کہ تقریر کیا تھی۔ ہمارے دلوں کے راز زبان پاک پر آگئے تھے۔ صلوٰۃ وسلام اور دعائے خیر کے بعد حضور بندہ پرور مدظلہ جامع مسجد کی انتظامیہ کے صدر چوہدری عبدالحفیظ صاحب کی پُر اصرار دعوت پر اُن کی دو بچیوں کے نکاح پڑھانے روانہ ہوئے۔ شام کا پروگرام چوہدری فیروز خانصاحب کی رہائش گاہ ہیگ میں ہُوا۔ قیام شب محترم عبدالرشید صاحب غوری کے گھر تھا۔ موصوف بہت مخلص اور محنتی دوست ہیں۔

ڈین ہیگ Den Haig

عالمی عدالت کا صدر مقام

۲۱، اپریل بروز پیر متعدد مقامات پر محافل منعقد ہوئیں۔ نمازِ عصر کے بعد کا پروگرام ہیگ میں تھا۔ جو عالمی عدالت انصاف اور ہالینڈ کا صدر مقام ہے۔ بعد از نماز مغرب محترم محمد سلیمان پاشا صاحب نے محفل کی میزبانی کا شرف حاصل کیا۔ لوگوں نے بڑی تعداد میں شمولیت کی۔

ہالینڈ بہت خوبصورت ملک ہے۔ اسے کنٹری آف فلاورز یعنی پھولوں کا ملک کہتے ہیں۔ روٹرڈیم کا ٹاور عجائبات عالم میں سے ہے۔ ہیگ سب سے بڑی عالمی سی پورٹ SEAPORT ہے۔

انگلینڈ

لندن London

ہندو کیمرہ میں

۲۲۔ اپریل کو نو بجے صبح ایمسٹرڈیم ائیر پورٹ پر محترم عبدالرشید صاحب غوری، محترم محمد سلیم صاحب، محترم محمد رفیق صاحب، محترم عبدالحمید صاحب، محترم شمشاد علی صاحب بٹ، اور متعدد دوستوں نے الوداع کیا۔ پانچ گھنٹہ کی مسافت کے بعد لندن کے نہایت خوبصورت اور وسیع و عریض ہیتھیرو ائیر پورٹ پہنچے۔ جونہی حضرت صاحب مدظلہ العالی ٹرمینل نمبر ۲ سے باہر جلوہ افروز ہوئے۔ تو محترم حضرت صوفی صلاح الدین صاحب بٹ، اور محترم حضرت صوفی محمدؐ اسلم صاحب کی قیادت میں سینکڑوں دوستوں نے شایان شان استقبال کیا۔ وہ سبھی کلمۂ پاک کا ذکر بالجہر کر رہے تھے۔ یہ منظر بہت روح پرور تھا۔ ایک ہندو دوست بار بار حضرت صاحب دامت برکاتہم العالیہ سے بذریعہ کیمرہ تصاویر کی درخواست کرتا۔ کاروں کا جلوس شیفرڈ بُش روانہ ہُوا۔ جہاں نمازِ ظہر باجماعت ادا کی گئی۔ اور لنگر عام بٹا۔ بعداز نمازِ مغرب ایک قریبی مقام پر محفل پاک منعقد ہوئی۔ مجمع کافی تھا۔ محترم صوفی محمدؐ سلیم صاحب نے بڑے پُرسوز لہجے میں ختم خواجگان پڑھایا۔ وہ ہر کلمہ سے قبل تسمیہ پڑھتے، شجرہ طیبہ بڑے پیارے انداز میں مکمل کیا۔ وہ اعلیحضرت صاحب نماد اللہ مجدہ کے ہمراہ ساری ڈیوٹی سر انجام دیتے ہیں۔ نعت پاک اور درود شریف درد سے پڑھتے ہیں۔ اس تقریب میں حضرت علامہ مولانا آغا غیاث الرحمٰن صاحب نے شاندار تقریر کی۔ پھر حضرت علامہ مولانا سید غلام جعفر شاہ صاحب نے جامع اظہار خیال کیا۔ آخر میں صلوٰۃ و سلام اور نمازِ عشاء باجماعت کا اہتمام ہُوا۔ رات کی میزبانی صوفی خواجہ صلاح الدین صاحب نے کی۔

مانچسٹر Mancaister

خطیب چیتھم ھل

۲۳۔ اپریل کو ظہرانہ کے بعد لندن سے مانچسٹر کیلئے روانگی ہوئی۔ کافی دوست ہمراہ تھے، تقریباً سوا دو سو میل کا فاصلہ طے کر کے برمنگھم ہوتے ہوئے بوقت عصر محترم محمدؐ الیاس صاحب کے مانچسٹر ورود ہُوا۔ یہ شعبان المعظم کی پندرہویں شب تھی۔ اور برأت کی رات کا نورانی سماں، ختم خواجگان، ذکر، نعت و تلاوت علامہ سید غلام جعفر شاہ صاحب فیصل آبادی، حضرت مولانا علامہ محمدؐ قمرالزمان صاحب الاعظمی خطیب چیتھم ہل نے بڑے



اللہ ھو اللہ ھو اللہ ھو

بسم اللہ الرحمن الرحیم

یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

سبحن الذی اسری بعبدہ لیلا من المسجد الحرام الی المسجد الاقصا الذی برکنا حولہ لنریہ من ایتنا انہ ھو السمیع البصیر ۝

محفل پاک جلسۂ عام

معراج النبی صلی اللہ علیہ وسلم

صلوٰۃ وسلام

لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ

پروگرام

انشاء اللہ

۲۵ اپریل

بروز جمعۃ المبارک ۱۹۸۶ء کو

بعد نماز شام بمقام ۲۶۴/۲۶۶

ہائی سٹریٹ نارتھ ایسٹ ہیم مسجد میں

ہو رہا ہے

پروگرام

۲۶ اپریل بروز ہفتہ ۱۹۸۶ء

بوقت ۴ بجے بمقام اسٹیشن کمیونٹی

سنٹر شیفرڈ بش لنڈن

239, Uxbridge Road, Shepherds Bush, London W12

زیر صدارت **انشاء اللہ** حضور خواجہ خواجگان عالمی مبلغ اسلام اعلیٰ حضرت الحاج خواجہ **محمد معصوم** صاحب

مدظلہ العالی سجادہ نشین دربار عالیہ موہری شریف تحصیل و اسٹیشن کھاریاں ضلع گجرات (پاکستان)

مقررین حضرات

صاحبزادہ جناب حفیظ الرحمٰن صاحب معصومی	مولانا جناب سید غلام جعفر شاہ صاحب
پروفیسر جناب محمد فاروق صاحب	جناب مولانا ریاض احمد صمدانی الیس سیم — جناب قاری قاضی طاہر مسعود صاحب

نعت خوان حضرات بھی نذرانہ عقیدت پیش کریں گے

زیر سرپرستی حضرت خواجہ صوفی **صلاح الدین** صاحب دربار عالیہ نقشبندیہ مجددیہ موہرویہ شیفرڈ بش لنڈن ڈبلیو ۱۲

محبان رسول اس بابرکت و مقدس محفل معراج میں جوق در جوق شامل ہو کر اپنے دینی جذبات سے اس کی رونق کو دوبالا کریں

زیر اہتمام **دربار عالیہ نقشبندیہ مجددیہ موہرویہ شیفرڈ بش لنڈن ڈبلیو ۱۲**

Telephone: 01-743 9699 – 418 6719 – 472 3109

حاجی غلام جیلانی ۔ لنگر کا باقاعدہ انتظام ہوگا ۔ مستورات کیلئے پردے کا خاص انتظام ہے

470-0737

دربار عالیہ نقشبندیہ مجددیہ موہرویہ شیفرڈ بش لنڈن ڈبلیو ۱۲ معراج النبی صلی اللہ علیہ وسلم کی تقریب سعید کا پوسٹر

ڈچ :- صوفی محمد عمر صاحب سابقہ مسٹر پال اعلیحضرت محمد معصوم صاحب
کے ساتھ ہالینڈ میں

اسلامک سنٹر برطانیہ کے زیر اہتمام جشن عید میلاد النبی صلی اللہ علیہ وسلم میں شرکت
کیلئے ایک جلوس کی شکل میں جا رہے ہیں۔

حضور خواجہ سرکار مدظلہ العالی لندن ایئرپورٹ سے باہر آرہے ہیں

برطانیہ میں صحافیوں کے ہمراہ حضور سرکار والاتبار کی ملاقات

لندن میں بعض یہودی تنظیموں کے نمائندگان خواجۂ موھروی سے دینی موضوع پر تبادلہ خیال کر رہے ہیں۔

پیر صاحب
موہری شریف
کا
الوداعی پروگرام

پیر صاحب موہری شریف
خواجہ محمد معصوم صاحب سجادہ نشین
مورخہ **۲۵** اپریل جمعۃ المبارک مسجد شیفرڈبش
میں ادا فرمائینگے۔ آمد **۲۶** اپریل بروز ہفتہ
ایشین سینٹر 239 اکس برج روڈ شیفرڈبش
لندن ڈبلیو ۱۲ میں بوقت **۶** بجے شام
جلسہ معراج النبیؐ کی صدارت فرمائینگے مورخہ **۲۷** اپریل بروز اتوار انشاء اللہ بذریعہ فلائٹ
(S.V.042) برائے عمرہ مبارک روانہ ہونگے اور یکم مئی ۸۶ء کو واپس دربار عالیہ موہری شریف
سعودیہ
جلوہ افروز ہوں گے۔ رابطہ فون نمبر Tel:01-743-9699
آستانہ نقشبندیہ شیفرڈبش، لندن

روزنامہ جنگ انٹرنیشنل لندن ۱۷ اپریل ۱۹۸۶ء بروز جمعرات اشتہار الوداعی پروگرام

پیر موہری شریف کا دورہ

لندن (جنگ نیوز) پیر محمد معصوم موہری شریف اپنے ساتھ خواجہ حفیظ الرحمٰن اور غلام جعفر شاہ اور پروفیسر محمد صادق یورپ کا دورہ کر رہے ہیں۔ ۱۰ اپریل کو ٹرونڈہیم، ۱۵ اپریل کو اوسلو، ۱۸ اپریل کو کوپن ہیگن اور ۲۰ اپریل کو ایمسٹرڈم پہنچیں گے۔ ۲۲ اپریل کو لندن پہنچیں گے اور اسی شب آستانہ عالیہ شیفرڈبش میں محفل ذکر منعقد ہوگی۔ پیر صاحب ۲۳ اپریل کو ایڈورڈز روڈ لانگ سائٹ مانچسٹر میں جلسہ میلاد النبی کی صدارت کریں گے۔ ۲۴ اپریل کو نیلسن، بولٹن، بلیک برن میں ذکر کی محفلوں میں شرکت کریں گے۔ ۲۵ اپریل کو جامع مسجد وکٹوریہ پارک مسجد مانچسٹر میں نماز جمعہ ادا کریں گے اور اسی شام ایسٹ ہیم لندن میں میلاد النبی کے جلسہ میں شامل ہوں گے، ۲۶ اپریل کو ایشین سنٹر اکسبرج روڈ شیفرڈبش لندن میں جلسہ میلاد النبی کی صدارت کریں گے۔

پیر موہری شریف کی لندن آمد

مانچسٹر (جنگ نیوز) پیر طریقت حضرت خواجہ محمد معصوم صاحب موہری شریف ضلع گجرات پاکستان اپنے تبلیغی پروگرام پر ۲۲ اپریل کو لندن پہنچ گئے۔ اسی روز شام انہوں نے لندن میں محفل کی صدارت کی۔ پروگرام کے مطابق انہوں نے مانچسٹر میں ۲۳ اپریل کو جلسہ میلاد النبیؐ کی صدارت کی۔ وہ ۲۴ اپریل کو بولٹن نیلسن بلیک برن کا دورہ مکمل کرنے کے بعد ۲۵ اپریل کو لندن واپس پہنچ جائیں گے۔ وہ جمعہ کی نماز جامع مسجد شیفرڈبش میں ادا کریں گے۔ کی شام وہ ایسٹ ہیم میں جلسہ عید میلاد النبیؐ کی صدارت کریں گے۔ ۲۶ اپریل بروز ہفتہ وہ کمیونٹی سینٹر شیفرڈبش میں جلسہ عید میلاد النبی کی صدارت کریں گے۔ ۲۷ اپریل بروز اتوار بذریعہ ایس وی ۵۴۲ صبح ۱۲ بجے وہ عمرہ کی ادائیگی کے لئے سعودی عرب روانہ ہو جائیں گے اور یکم مئی کو دربار عالیہ موہری شریف پاکستان پہنچ جائیں گے۔



پیر معصوم آج دورہ یورپ شروع کریں گے

لندن (جنگ نیوز) پیر محمد معصوم سجادہ نشین دربار موہری شریف ضلع گجرات [illegible]

[illegible] ۱۲ بجے لندن پہنچیں گے [illegible]

[illegible] جلسہ کی صدارت بھی کریں گے

تراشہ جات روزنامہ جنگ انٹرنیشنل لندن

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم
یا اللہ جل جلالہ

لندن میں عظیم الشان محفل میلادِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کا حسین منظر

المانہ و محققانہ خطاب کئے۔ جن کا سامعین نے گہرا اثر لیا۔ نعت خوانی محمد نذیر صاحب اور محمد افضل صاحب جمعیت حسان گلینڈ نے کی۔ حضور سرکار قبلہ اُس وقت بڑی موج میں تھے۔ صلوٰۃ و سلام و دُعائے خیر پر محفل منتج ہوئی۔ بعد میں کھانا مایا گیا۔ نمازِ عشاء با جماعت پڑھی گئی۔ اور رات کا قیام بھی یہیں رہا۔

Bolton بولٹن

علامہ محمد قمر الزمان الاعظمی کی طرف سے خصوصی دعوت

۲۴ اپریل کو صبح نو بجے محترم محمد اقبال جاوید صاحب کے مکان مانچسٹر میں ہی دُعا ہوئی۔ ازاں بعد یہی عمل علامہ محمد قمر الزمان صاحب الاعظمی کی نئی عظیم الشان جامع مسجد اور شاندار مدرسہ میں ادا کیا گیا۔ مسجد ل عمارت جیتھم ہل میں بغیر ستونوں کے بنائی گئی ہے۔ یہاں با جماعت نماز ظہر ہوئی۔ اور کاروں کا جلوس بولٹن کی جانب چلا۔ جہاں محفل پاک اور کھانے کا پروگرام تھا۔ شرف میزبانی محترم محمد جاوید صاحب اور محترم محمد سردار خانصاحب اُدتم والوں کو نصیب ہُوا۔ بولٹن میں کافی لوگ حضور قبلہ گاہی سے ملے۔

Black Burn بلیک برن

حضرت صوفی محمد اسلم صاحب کا آستانہ

محترم حضرت صوفی محمد اسلم صاحب خلیفہ مجاز اسی شہر کے باسی ہیں۔ اور خدمتِ دین حق و فروغ سلسلۂ عالیہ میں ہر لمحہ معروف ہیں۔ اُن کے مکان پر دُعائے خیر کی گئی۔

Bray Field برے فیلڈ

ارکان جمعیت حسان رض کی نعتیں

محترم حضرت صوفی محمد اسلم صاحب نے برائے فیلڈ کی جامع مسجد میں زبردست جلسۂ معراج النبی صلی اللہ علیہ وسلم کا اہتمام کیا۔ جس کی کاروائی بعد از عصر شروع ہوئی۔ صوفی صاحب کے صاحبزادے تاری فیض احمد صاحب نے پُرسوز انداز میں تلاوت کی۔ نعت پاک جمعیت حسان رض کے ارکان نے پیش کر کے داد وصول کی۔

معراج شریف کے عنوان پر علامہ سیّد غلام جعفر شاہ صاحب اور راقم الحروف نے خطاب کیا۔ صلوٰۃ و سلام کے بعد حضور والا شانؒ نے دُعائے خیر فرمائی۔

Nelson نیلسن

جامعہ مسجد غوثیہ

برائے فیلڈ سے نیلسن آئے۔ شب برات کا جلسۂ عام تھا۔ حضرت صاحب موہڑوی مدظلہ العالی نے بعد از مغرب اجتماع کی صدارت فرمائی۔ ختم خواجگان ذکر الٰہی، نعت و تلاوت کے مراحل گزرے، راقم الحروف اور سیّد غلام جعفر شاہ صاحب فیصل آبادی نے شب برأت پر تقاریر کیں۔ حاضری بہت تھی۔ صلوٰۃ و سلام اور دُعائے خیر کے بعد نماز عشاء با جماعت ہوئی۔ پھر محترم حاجی بہادل بخش صاحب کے مکان پر لنگر عام ہُوا۔ رات کو قیام کیلئے مانچسٹر گئے۔

مانچسٹر سے لندن واپسی

برطانیہ میں ٹرین کا سفر

۲۵ راپریل بروز جمعۃ المبارک صبح آٹھ بجے بذریعہ ٹرین مانچسٹر سے لندن روانہ ہوئے۔ ریلوے کا سارا نظام یہاں خودکار ہے۔ اور رفتار بہت اچھی۔ راستے میں سٹاپس بہت کم ہیں۔ بارہ بجے دوپہر لندن پہنچے۔ یوسٹن ریلوے اسٹیشن کی ایئر پورٹ نما بلڈنگ میں محترم حضرت خواجہ صلاح الدین صاحب، رانا منظور الٰہی صاحب، صوفی محمد سلیم صاحب، اور دیگر بہت سے دوست لینے آئے ہوئے تھے۔ کار ذریعے شیفرڈ بش کو چلے جمعۃ المبارک کی تیاری کی۔ اور جامع مسجد شیفرڈ بش میں جمعہ پڑھا گیا۔

East Haam ایسٹ ہم

ڈاکٹر سجاد احمد اعوان

آج ایسٹ ہیم کی جامع مسجد میں عظیم الشان جلسۂ معراج مصطفےٰ تھا۔ پروگرام کے لیے بڑے بڑے اشتہارات شائع ہوئے تھے۔ یہ بہت بڑی مسجد ہے۔ جس کا ہال نہایت کشادہ ہے، اور وہ حاضرین

سے کھچا کھچ بھرا ہوا تھا۔ صدارت عظیم عالمی مبلغ اسلام تاجدار تصوف حضور والاشان نے فرمائی۔ سٹیج سیکرٹری ڈاکٹر سجاد احمد صاحب اعوان تھے۔ صوفی محمدؐ سلیم صاحب نے ختم خواجگان پڑھایا ذکر اسم ذات کیا گیا۔ پروفیسر صوفی محمدؐ فاروق صاحب نے تلاوت قرآن کریم کی۔ اور نعت مبارک سنائی۔ نمازِ مغرب باجماعت ادا کی گئی۔ پھر مولانا علامہ محمدؐ یعقوب صاحب نے معراج کے موضوع پر خطاب کیا۔ ڈاکٹر اعوان صاحب، برمحل اشعار اور تیز فقروں سے محفل کو گرماتے رہے۔ نماز عشاء باجماعت ہوئی صلوٰۃ وسلام اور دعا کے بعد صوفی انور سعید شیخ صاحب نے کھانا دیا۔ پھر شیفرڈبش واپسی ہوئی۔

ڈاکٹر سجّاد احمد صاحب اعوان کے

تاثرات

۲۶ر اپریل بروز ہفتہ حضور والا مرتبت متعدد مقامات پر دعا کیلئے تشریف لے گئے۔ تھوڑا سا بھی وقت ملتا۔ تو ڈاک نکالنے کی سعی فرماتے دریں اثناء ڈاکٹر سجاد احمد صاحب اعوان آپہنچے۔ گزشتہ انہوں نے حضرت فیضہ رجت کا میڈیکل چیک اپ کیا تھا۔ ڈاکٹر موصوف نے کہا۔ شبانہ روز محنت و تگ و دو آپ کی صحت کو ہرگز متاثر نہیں کرتی۔ کیونکہ بظاہر آپکے جسمانی قویٰ ایسی مساعی کے متحمل نہیں ہیں۔ بیاختہ کہنا پڑتا ہے۔ کہ کوئی قدرتی اور غیبی طاقت متصرف ہے۔ راقم الحروف، حاجی منظور حسین صاحب، اور سیّد غلام جعفر شاہ صاحب، باجازت سرکار موہروی آکس برج ویسٹ اینڈ پارلیمنٹ ہاؤس، بگ بن، بکنگھم پیلس، ٹریفالگر سکوائر اور دیگر تاریخی مقامات و عجائبات دیکھنے گئے بعد از نمازِ عصر محفل پاک ہونا تھی۔

ایشین کمیونٹی سنٹر ہال

علماء مشائخ کا اجتماع

یہاں حضرت خواجہ صوفی صلاح الدین صاحب بٹ داہالیان حلقہ لندن کی طرف سے بعد از نماز عصر قبلہ پیر صاحب موہری شریف کیلئے الوداعی تقریب تھی۔ کیونکہ صبح لندن سے جدہ پاک روانگی تھی۔ عصر سے تھوڑی دیر قبل دوستوں نے آپ کا والہانہ استقبال کیا۔ پھر عصر کی جماعت ہوئی۔ صوفی محمدؐ سلیم صاحب نے ختم خواجگان شجرہ پاک پڑھا اور حلقہ ذکر کے بعد قاری فیض احمد صاحب نے پُرتاثیر انداز میں تلاوت کی۔ سارا ہال سے بھرا ہوا تھا۔ جو سارے انگلستان سے آئے ہوئے تھے۔ مرد و زن سبھی موجود تھے۔

جمعیت حسان رضا کے ارکان نے نعت شریف پیش کی۔ اتنے میں نماز مغرب کا وقت ہو گیا۔ زاں بعد محفل پاک کا دوبارہ کیا گیا۔ سٹیج سیکرٹری محترم ڈاکٹر سجاد احمد صاحب اعوان تھے۔ انہوں نے اپنے تازہ کلام سے بھی حاضرین کو گرمایا۔ پھر مولانا آغا غیاث الرحمٰن صاحب نے تقریر کی۔ اور حضرت صاحب کی دینی خدمات کو شاندار خراج تحسین ادا کیا۔ زاں بعد حضرت مولانا محمد فاروق سلطان صاحب قادری خطیب نوٹنگھم نے ایمان افروز خطاب کیا۔ اور صوفی محمد سلیم صاحب نے نعت شریف پڑ دورانِ نعت پاک حضور سرکار والا تبار نے پُرجوش تقریر فرمائی۔ حاضرین پر کیفیت طاری ہو گئی۔ سماں دیدنی تھا۔ حضرت خوا صلاح الدین صاحب بٹ تو جیسے مسحور ہو گئے ہوں۔ اس کے بعد حضرت صوفی محمود حسین صاحب نے اپنے خیالات اظہار کیا۔ صلوٰۃ وسلام و خصوصی دُعا ہوئی جملہ شرکاء کے لیے لنگر کا وسیع انتظام تھا۔ سرکار موصوف ساری رات دوستو سے مشغولِ ملاقات رہے۔

ہیتھرو ائیرپورٹ کا الوداعی منظر

؎ اَج سک متراں دی ودھیری اے

٢٧ر اپریل اتوار کا دن تھا۔ حضور خواجۂ خواجگان زاد اللہ مجدہ لندن سے جدہ سعودی عرب جانیوالے تھے۔ ہیتھرو ائیرپورٹ پر فقید المثال اجتماع تھا۔ جونہی آپ تشریف فرما ہوئے۔ دوستوں نے جھرمٹ میں لے لیا۔ قاری فیض احمد صاحب نے تلاوت کی۔ ارکانِ جمعیت حسان رضا نے قطب الکل حضرت پیر سید مہر علیشاہ صاحب رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کی معروف نعت شریف اَج سک متراں دی ودھیری شروع کی کہ رقت نے محفل کا احاطہ کر لیا۔ محترم حضرت صوفی محمود حسین صاحب برمنگھم والوں نے موقع کی مناسبت سے الوداعی جذبات کا تذکرہ کیا۔ آخر میں حضور قیوم زمانی نے خصوصی دُعائے خیر فرمائی۔ جب آپ اور آپ کے ہمراہی جہاز کی طرف بڑھے۔ دوستوں نے اشکبار آنکھوں اور کلمۂ پاک کے ذکر بالجہر سے رخصت کیا۔

Jeddah Saudia Arabia جدّہ (سعودی عرب)

دیارِ حبیب صلی اللہ علیہ وسلم میں پہلی محفل

لندن سے ساڑھے گیارہ بجے دن بذریعہ سعودیہ ائیر لائینز جدّہ سعودی عرب کیلئے روانگی ہوئی۔ اب یہ سفر یورپ سے سرزمین حجاز مقدس کی طرف تھا۔ جونہی جہاز جدّہ شریف کے

معروف زمانہ متکلم الحاج جناب سید حیدر الحیدری مدینہ منورہ میں حضور خواجہ سرکار کا
استقبال کر رہے ہیں۔

قریب پہنچا تو رات کے وقت تمام شہر کی لائٹس جل رہی تھیں۔ جن کا فضائی نظارہ بڑا دلکش تھا۔ ساڑھے آٹھ بجے جہاز الملک عبدالعزیز ائیر پورٹ پر اُترا۔ جونہی حضرت صاحب مدظلہ العالی ائیر پورٹ سے باہر رونق افروز ہوئے تو کثیر تعداد میں دوست استقبال کے لئے کھڑے تھے۔ ائیر پورٹ سے کاروں کے ایک جلوس میں محترم ڈاکٹر ملک افتخار احمد صاحب کے مکان پر وارد ہوئے۔ آمد کے فوراً بعد نماز عشاء باجماعت ادا کی گئی۔ نماز عشاء سے متصلاً محفل میلاد النبی صلی اللہ علیہ وسلّم کا پروگرام شرُوع ہو گیا۔ ختم خواجگان، حلقۂ ذکر کے بعد تلاوت قرآن پاک اور نعت خوانی ہوئی۔ آخر میں صلوٰۃ وسلام پڑھا گیا۔ حضرت صاحب مدظلہ العالی نے دعائے خیر فرمائی۔ بعدازاں لنگر تقسیم کیا گیا۔

عُمرہ مُبارک (مکّہ مُکرّمہ)

حرمِ کعبہ کے دلکش نظارے و مقدّر کی معراج

محفل پاک سے فارغ ہو کر حضرت صاحب مدظلہ العالی نے عمرہ مبارک کی ادائیگی کیلئے مکہ مکرّمہ چلنے کا حکم فرمایا۔

حضرت صاحب مدظلہ العالی کی معیت میں بندہ راقم الحروف، حاجی منظور حسین صاحب، صوفی ذوالفقار احمد صاحب، صوفی فاروق صاحب، ڈاکٹر ملک افتخار احمد صاحب، احرام باندھے کھڑے ہیں۔ یک رنگی کا عجیب وغریب منظر تھا۔ نوافل ادا کر کے کاروں میں سوار ہوئے۔ محترم حاجی خیر محمدؐ صاحب جن کا مکّہ مکرّمہ میں کاروبار ہے۔ اپنی گاڑی میں دوسرے دوستوں کو سوار کر کے عازم سفر ہوئے۔

پون گھنٹہ کی مسافت کے بعد حرم پاک کے نورانی مینار نظر آنے شرُوع ہو گئے۔ دلوں کی کیفیات بدل گئیں۔ جونہی حرم مقدس میں داخل ہونے لگے تو آپ نے ارشاد فرمایا بیت اللہ شریف پر جب پہلی نگاہ پڑے تو جو دعا مانگو وہ مقبول ہو جاتی ہے۔ حرم شریف میں داخل ہو کر نوافل ادا کئے۔ جونہی بیت اللہ شریف پر نظر پڑی تو خدائے ذوالجلال والاکرام کی عظمت و کبریائی کا نقشہ قلب وجان میں جلوہ گر ہو گیا۔ اِس وقت ۲، بجے سحری کا وقت تھا۔ حضرت صاحب مدظلہ العالی نے ہمیں اپنی معیت میں لے کر حجر اسود سے بیت اللہ شریف کا طواف شرُوع کرایا۔ ہر طواف میں رکن یمانی اور حجر اسود پر خود بھی بوسہ لیتے اور ہمیں بھی بوسہ دلاتے۔ جونہی حجر اسود کے قریب آتے تو رَبّنا آتنا فی الدنیا حسنۃً و فی الاٰخرۃِ حسنۃً وقنا عذاب النار وادخلنا مع الابرار یا عزیز یا غفار یا رب العالمین۔ کی صداؤں سے فضا اور ماحول گونج اٹھا۔

طواف سبعہ کے بعد حضرت صاحب مدظلہ العالی مقام مُلتزم پر کھڑے ہو کر غلاف کعبہ شریف سے لپٹ گئے۔ اور ہمیں اپنے ساتھ بُلا کر اپنی دُعاؤں میں شامل فرمالیا۔

کتنا نورانی اور سنہری موقع تھا کہ حضرت صاحب مدظلہ العالی نے اپنی دعاؤں کو بارگاہ رب العزت میں پیش کرتے ہوئے غلاف کعبہ کو تھاما ہوا تھا اور ہم نے آپ کے دامن کرم کو تھاما ہوا تھا۔ یہاں سے فارغ ہو کر مقام ابراہیم پر نوافل ادا کیئے۔ اور صفا مروہ کی سعی کی۔ سعی میں آپ ہم سے زیادہ چلتے اور دوڑتے تھے۔ سعی ختم کر کے بالوں کی قصر کی گئی۔ اور حضرت صاحب مدظلہ العالی نے ہمیں عمرہ ادا کرنے کی مبارک باد دی۔ جونہی عمرہ شریف سے فارغ ہوئے تو تہجد کی اذان ہوئی۔ نوافل ادا کر کے آبِ زم زم خوب پیا۔ فجر کی اذان کے بعد حرم شریف میں نماز فجر باجماعت ادا کی۔ نماز کے بعد حضرت صاحب مدظلہ العالی کی رہائش گاہ شقہ ۷ منزل ۷ عمارۃ الوفا ابراہیم خلیل روڈ جو کہ بہت کشادہ اور نفیس ترین ہے، پہنچ کر ناشتہ کیا۔ اور پھر آرام کیا۔ بعد از نماز ظہر حضرت صاحب مدظلہ العالی نے اپنی قیادت میں، منیٰ، مزدلفہ، عرفات، جبل رحمت، غار ثور، غار حرا اور دیگر مقامات مقدسہ کی زیارات کرائیں۔ نماز مغرب حرم پاک میں آ کر ادا کی۔ پھر نماز عشاء حرم پاک میں ادا کر کے بیت اللہ شریف کا طوافِ الوداع کیا۔

اس کے بعد مکان پر واپسی ہوئی۔ کھانے کے بعد جدہ، طائف، اور دیگر شہروں کے دوست ملاقات کیلئے پہنچ گئے۔

۲۹ر اپریل صبح مکہ مکرمہ سے مدینہ طیبہ کے لیئے روانگی ہوئی۔ یہ ڈبل سڑک بہت خوبصورت بنائی گئی ہے اور یہ وہی راستہ ہے۔ جہاں سے حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے مکہ مکرمہ سے لے کر مدینہ طیبہ تک ہجرت کے وقت سفر مبارک فرمایا تھا۔ اِسی وجہ سے اِس نئی سڑک کا نام ہی طریق ہجرت رکھا گیا ہے۔ مکہ مکرمہ سے پانچ گھنٹہ کی ڈرائیونگ کے بعد جونہی مدینہ منورہ قریب آیا اور گنبد خضرا پر نظر پڑی تو حضرت صاحب مدظلہ العالی نے ارشاد فرمایا اب یہ نعت شریف پڑھیں۔

؎ ساری دولت خدا کی مدینہ میں ہے۔ تاجدارِ زمانہ مدینہ میں ہے۔
جس کی خاطر بنائے گئے دو جہاں۔ وہ رسول یگانہ مدینہ میں ہے۔

اِس وقت محبت مصطفیٰؐ کا سمندر دِلوں میں ٹھاٹھیں مارتا تھا۔ لطافت کا عجیب سماں تھا۔ باب السلام سے حرم پاکؐ میں داخل ہوئے۔ حضرت صاحب مدظلہ العالی کی امامت میں نماز ظہر ادا کی گئی۔ نماز ظہر کے فوراً حضرت صاحب مدظلہ العالی کی قیادت میں بارگاہ مصطفیٰؐ علیہ التحیۃ والثنائیں حاضری کا شرف حاصل ہوا۔ اور مواجہہ اقدس کے سامنے حاضر ہو کر بصد عقیدت و احترام درود پاکؐ کا نذرانہ پیش کیا۔ اِس وقت مقدّر کی معراج تھی۔ کیونکہ دربارِ مصطفیٰؐ میں حاضری کی نعمت تمام جہانوں کی نعمتوں سے بہتر ہے۔ حضرت صاحب مدظلہ العالی بڑی نیازمندی کے عالم میں مشغول ہو کر دورۂ امریکہ، یورپ کی عظیم کامیابی و کامرانی پر دربارِ مصطفیٰؐ میں اظہار تشکر کر رہے تھے۔ اور ہمیں بھی اپنی خصوصی توجہ سے بارگاہ امام الانبیاءؐ حبیب کبریا علیہ التحیۃ والثناء میں پیش کر رہے تھے۔ سنہری جالیوں کے سامنے انوارات، تجلیات، فیوضات، و برکات کا منظرِ خاص تھا۔

ادب گاہ ہیست زیر آسمان از عرش نازک تر
نفس گم کردہ می آید جُنیدؒ و یزیدؒ این جا

اعلیحضرت فاضل بریلوی رحمۃ اللہ علیہ کے نعتیہ اشعار بار بار زبان پر آ رہے ہیں۔

حاجیو آؤ شہنشاہ ؐ کا روضہ دیکھو۔ کعبہ تو دیکھ چکے کعبے کا کعبہ دیکھو۔
خوب آنکھوں سے لگایا ہے غلاف کعبہ۔ قصرِ محبوب ؐ کے پردے کا بھی جلوہ دیکھو۔
غور سے سُن تو رضا کعبہ سے آتی ہے صدا۔ میری آنکھوں سے میرے پیارے کا روضہ دیکھو۔ (حدائق بخشش حصہ اوّل)

حضور سید عالم نورِ مجسّم صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہِ اقدس میں صلوٰۃ وسلام کے بعد، حضرت سیدنا صدیق اکبر، حضرت سیدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہما کی بارگاہِ مبارک میں سلام کا نذرانہ پیش کیا۔ آخر میں حضرت صاحب مدظلہ العالی نے خصوصی طور پر تمام دوستوں کیلئے دعائے خیر فرمائی۔ اس نورانی اور بابرکت حاضری کے بعد مسجد نبوی ؐ سے حضرت معلم السید حیدر الحیدری صاحب کے مکان پر آمد ہوئی۔ معلم صاحب نے دوستوں کے ساتھ استقبال کیا۔ اور کھانے کا بہت اعلیٰ اور وسیع انتظام کیا۔ بعد از نمازِ عصر جنت البقیع، مسجد قباء، باغ حضرت سلیمان رضہ فارسی، خاکِ شفا، مساجدِ سبعہ، جبل اُحد، مزار پاک سید الشہداء حضرت امیر حمزہ رضی اللہ عنہ، مسجد خمامہ اور مدینہ منورہ کے مقاماتِ مقدسہ کی زیارات کیں۔ نمازِ عشاء مسجد نبوی ؐ شریف میں آکر ادا کی، نمازِ عشاء سے فارغ ہو کر معلم صاحب کے ہاں عظیم الشان دعوت کا پروگرام ہوا۔ کافی دوسروں نے شمولیت کی۔ ۳۰۔ اپریل بروز بدھوار صبح تہجد کی اذان ہوئی تو حضرت صاحب مدظلہ العالی کی معیت میں مسجد نبوی ؐ شریف میں جاکر نوافل تہجد ادا کئے۔ فجر کی اذان کے بعد نمازِ فجر ادا ہوئی۔ نماز فجر کے فوراً بعد آپ نے ارشاد فرمایا کہ سلامُ الوداع پیش کرنے کیلئے چلیں۔

چنانچہ حضرت صاحب مدظلہ العالی کی قیادت میں حضور سید المرسلین، شفیعُ المذنبین، نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہِ بیکس پناہ میں حاضر ہو کر صلوٰۃ وسلام کا تحفہ پیش کیا، حضرت سیدنا ابوبکر صدیق رضہ حضرت سیدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ کی بارگاہِ عالیہ میں سلام کا نذرانہ پیش کیا۔ اور زبان حال سے حضرت جامی کی یہ دُعا جاری تھی۔

آنکھیں اشک بار تھیں، قلب عشق مصطفیٰ ؐ سے منور ہو رہا تھا۔

مشرف گرچہ شد جامی ز لُطفش ، خدایا ایں کرم بارِ دگر کُن۔

حضرت صاحب مدظلہ العالی نے مسلمانانِ عالم اور بالخصوص وابستگان سلسلۂ عالیہ کے لیئے دعائے خیر فرمائی۔ سلام الوداع پیش کرنے کے بعد مسجد نبوی ؐ شریف سے معلم صاحب کے مکان پر آمد ہوئی۔ معلم صاحب کے مکان پر دوست بیعت ہوئے۔ اور متعدد دوستوں نے شرف ملاقات حاصل کیا۔

مدینہ منوّرہ سے جدّہ واپسی

خارجی ائیر پورٹ

مدینہ منورہ سے ۹ بجے صبح جدہ شریف کیلئے روانگی ہوئی۔ ۱۲ بجے بوقت ظہر

ڈاکٹر ملک افتخار احمد صاحب کے ہاں آمد ہوئی۔ نماز ظہر باجماعت ادا کی گئی اور کھانا کھایا گیا۔ پانچ بجے نماز عصر ادا کر کے ایئرپورٹ کے لیئے روانگی ہوئی۔ کیونکہ پاکستان واپس روانگی کا پروگرام تھا۔ خارجی ایئرپورٹ سے جہاز نے روانہ ہونا تھا۔ نماز مغرب حضرت صاحب مدظلہ العالی کی امامت میں ایئرپورٹ پر ادا ہوئی۔ جس میں وطنی عربی بھی شامل تھے۔ کثیر تعداد میں دوست ایئرپورٹ پر الوداع کرنے کیلئے پہنچے ہوئے تھے۔ نماز عشاء ٹرمینل کے اندر حضرت صاحب مدظلہ کی اقتداء میں ادا ہوئی۔ ساڑھے آٹھ بجے جہاز جدہ سے کراچی کیلئے روانہ ہوا۔

جدّہ شریف سے کراچی

ھدیۂ تشکر

جدہ شریف سے بذریعہ A.I.P ۵ مسلسل گھنٹہ سفر کے بعد ۲ بجے رات کراچی ایئرپورٹ پر آمد ہوئی جہاں محترم حضرت صوفی محمد زبیر علی خان صاحب اور محترم حضرت صوفی غلام محمد صاحب کی قیادت میں ہزاروں دوستوں نے فقید المثال استقبال کیا۔ محفل پاک کا پروگرام کراچی کلب میں تھا، وہاں پہنچ کر آپ نے ارشاد فرمایا، چونکہ حرمین شریفین سے واپسی ہوئی ہے۔ لہٰذا اُس متابعت میں تمام دوست نماز تہجد ادا کریں۔ اور پھر دورۂ امریکہ و یورپ کی کامیابی پر نوافل شکرانہ ادا کریں۔ نماز فجر کے بعد ختم خواجگان، حلقۂ ذکر تلاوت قرآن پاک نعت خوانی ہوئی۔ نعت خوانی کے بعد خطیب پاکستان حضرت مولانا محمد شفیع صاحب اوکاڑوی مرحوم کے خلف الرشید خطیب ملّت مولانا کوکب نورانی صاحب نے تقریر فرمائی۔ اِن کے بعد بندہ نے دورۂ کے تاثرات بیان کئے۔ صلوٰۃ و سلام کے بعد دعائے خیر ہوئی۔ جملہ شرکاء پروگرام کیلئے ناشتہ کا وسیع انتظام تھا۔

کراچی سے لاہور

والہانہ خیر مقدم • صدقہ کا بکرا • تفصیلی احوال

یکم مئی کراچی سے ساڑھے آٹھ بجے صبح بذریعہ ہوائی جہاز لاہور کے لیۓ روانگی ہوئی دس بجے صبح لاہور ایئرپورٹ پر آمد ہوئی۔ حضرت صاحب مدظلہ العالی فسٹ کلاس پورشن سے اُتر کر جہاز لیک جگہ نیچے تشریف فرما ہوئے تو P.I.V کا خصوصی اہتمام تھا۔ جونہی آپ P.I.V راستہ سے باہر جلوہ افروز ہوئے، تو بے شمار دوستوں نے ذکر پاک کی گونج میں شایان شان استقبال کیا۔ ایئرپورٹ پر محفل سجی ہوئی تھی۔ آپ کی زیر صدارت محفل پاک کا آغاز تلاوت قرآن پاک سے ہوا۔ نعت رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد حضرت مولانا محمد عارف صاحب نوری

خطیب اعظم قصور حضرت صاجزادہ سید محمدؐ فاضل شاہ صاحب خطیب اعظم جڑانوالہ اور شیر پنجاب مولانا محمدؐ فاضل صاحب۔ فیصل آبادی نے استقبالیہ تقاریر کیں۔ ان کے بعد حضرت صاحب مدظلہ العالی نے بصیرت افروز ارشادات فرمائے۔ اور بندہ راقم الحروف کو دورۂ امریکہ و یورپ اور حاضری حرمین شریفین کے احوال و واقعات اور تاثرات بیان کرنے کیلئے حکم صادر فرمایا بندہ نے تمام احوال کو تفصیل سے بیان کیا۔ جس سے حاضرین بیحد محظوظ ہوئے۔ حضرت صاحب مدظلہ العالی کو ائیر پورٹ سے کاروں کے ایک عظیم الشان اور طویل جلوس میں محترم حاجی محمدؐ آصف صاحب کی کوٹھی واقع گلبرگ لایا گیا۔ آپ کی آمد پر ایک بکرا بطور صدقہ ذبح کیا گیا۔ محفل گاہ میں پہنچ کر پروگرام کا آغاز تلاوت قرآن پاک سے ہوا۔ نعت خوانی کے بعد استاذ العلمأ حضرت مولانا الحاج محمدؐ علی صاحب، ناظم اعلیٰ جامعہ رسولیہ شیرازیہ بلال گنج لاہور نے فضائل اولیاءٔ اللہ پر مدلل تقریر فرمائی۔ آخر میں صلوٰۃ وسلام ہوا۔ اور حضور والاشان مدظلہ العالی نے دعائے خیر فرمائی۔ تمام دوستوں کیلئے لنگر عام کا بہت اعلیٰ اور وسیع انتظام تھا۔

لاہور سے موہری شریف

حاضری مزارات

محفل پاک سے فارغ ہو کر لاہور سے کاروں کے ذریعہ دربار عالیہ موہری شریف کے لیئے روانگی ہوئی ۶ بجے قبل از نماز مغرب حضور خواجۂ خواجگان، عالمی مبلغ اسلام مدظلہ العالی دربار عالیہ نقشبندیہ مجددیہ موہری شریف میں اجلال فرما ہوئے۔ آپ نے حضور قبلۂ عالم زریں زر بخت سلطان الاولیا رحمۃُ اللہ تعالےٰ علیہ کے مزار پُر انوار شریف پر حاضری دی۔ فاتحہ خوانی اور حاضری کے بعد حضرت مائی صاحبہ رحمۃُ اللہ علیہا اور حضرت ناظم اعلیٰ صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے مزارات پر فاتحہ خوانی فرمائی۔ نماز مغرب کے فوراً بعد جامع مسجد زریں زر بخت میں ختم خواجگان، حلقۂ ذکر اور محفل پاک منعقد ہوئی۔

ماہانہ محفل مقدّس

وُزراء و حکّام کی حضوُر والاجاہ سے ملاقاتیں

۲ مئی صبح ۱۰ بجے آپ کی زیر صدارت ماہانہ محفل پاک کی عظیم الشان کاروائی تلاوت قرآن پاک سے شروع ہوئی، جس میں وفاقی وزیر مملکت برائے تعلیم جناب میاں ناصر علی خانصاحب بلوچ،

صوبائی وزیر محنت و عشر و زکوٰۃ عبدالقیوم اعوان صاحب، سلیم شیر افگن کیانی اسسٹنٹ کمشنر کھاریاں اور دیگر معززین شامل تھے۔ نعت رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد وزرائے کرام نے اپنے اپنے خیالات کا اظہار کیا۔ آخر میں بندہ راقم الحروف نے دورہ کی تفصیلات کو بیان کیا۔ جسے سن کر حاضرین دورۂ امریکہ و یورپ کے احوال و واقعات سے روشناس ہوئے۔ صلوٰۃ و سلام کے بعد حضور خواجہ خواجگان مدظلہ العالی نے دعائے خیر فرمائی۔ تمام حاضرین کے لیئے لنگر عام کا وسیع انتظام تھا۔ لنگر کھانے کے بعد نماز جمعۃ المبارک ادا کی گئی۔ نماز جمعۃ المبارک کے بعد ایک روح پرور اور ایمان افروز محفل پاک منعقد ہوئی۔ جس کے اختتام پر صلوٰۃ و سلام پڑھایا گیا۔ اور حضور والاشان مدظلہ العالی نے دعائے خیر فرمائی۔ جس کے بعد دوستوں کو اجازت عام ہوئی۔

○

حالیہ دورہ امریکہ و یورپ سے واپسی پر لاہور انٹرنیشنل ائیرپورٹ پر والہانہ استقبال

دورہ امریکہ سے واپسی پر لاہور ائیر پورٹ پر حضرت صاحب مدظلہ العالی کا استقبال



دربار عالیہ موہری شریف پر سالانہ عرس پاک کی ایک یادگار تصویر

کوہ مری میں جشن نزول قرآن مجید کے پروگرام پر صلاح مشورے

دربار عالیہ موہڑی شریف پر سالانہ عرس پاک کی ایک یادگار تصویر

سلطان باھوؒ پرنٹنگ پریس فوارہ چوک جھنگ صدر ، فون نمبر ۲۶۸۰